بیمن خالق دو جهان رنگین ضمیمه مائی گل و ریحان اعنی نسخه

الحمد لله والمنه که درین ایام خجسته فرجام نسخهٔ دیوان این

دیوان الفت

تصنیف نواب ...

... ی ن حیدوران فسح مصححا جناب میر الصا تخلص مونس

در مطبع اسدی امیر الله لکهنوئی میر حیدر علی فطرت طبع یافت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہویدا ہی گل و بلبل پہ جلوہ تیری رحمت کا
محبت کا وہی خلعت دیا اسکو نزاکت کا

معاذ اللہ تیری ذات مین کیا دخل شرکت کا
وہ کافر ہی صنم قایل نہین جو تیری وحدت کا

کوئی تجھسا نہوگا اور نہ ہی یکتا ہی تو یارب
اشارہ ہی یہی ہر وقت انگشت شہادت کا

زمین و آسمان و مہر و ماہ و اختر تابان
یہ کھینچا ہوا نقشہ ہی تیری کلک قدرت کا

ملایک سے ادا جب ہو نہین سکتا حق طاعت
بشر کو پھر بھلا مقدور کیا تیری عبادت کا

کبھی ہستی مین جب لگ دم نہ تیری یاد بھولونگا
ازل ہی نشہ ہی مجھکو تری صہبای الفت کا

عطا کی ذکر کی تیری یہ گویائی زبانونکو
تری نام مقدس نی اثر بخشا فصاحت کا

کسیکو دخل کیا ای دوست تیری کارخانی مین
تجھی کو بھید ہی کچھ خوب معلوم اپنی قدرت کا

محبت کا تیری عاشق کی دل پر داغ ہی یارب
بہانہ ہی فقط عشق بتان ماہ طلعت کا

ہلال آسمان حسن ہی ابرو محمد کا
جبین ہی بدر خورشید مبین ہی روی محمد کا

معطر مشک تر سی ہی کہین گیسو محمد کا
عرق عطر گل جنت سی ہی خوشبو محمد کا

علی مرتضی ہی زینت پہلو محمد کا
خدا کا ہاتھ ابوطالب کا دل بازو محمد کا

بنایا آفتاب نور اونکو حق نی دنیا مین
رہے کیونکر نہ بی سایہ قد دل جو محمد کا

زمین مین آسمان مین بدر مین خورشید انجم مین
نہین خالی کوئی جا نور سی ہر سو محمد کا

سمجھتے تھے ہمیشہ فقر کو فخر اپنا دنیا مین
خزاین پر جہان کی گرچہ تھا قابو محمد کا

ہوا پیدا خدا کے گھر مین وہ دست خدا جسدم
صدا آئی قوی اب ہو گیا بازو محمد کا

حسین ابن علی سا بھی کوئی راکب نہین جسنی
عنان کی بدلی تھانبا ہاتھ مین گیسو محمد کا

خوشا اقبال تیرا حبذا عز و شرف عاشق
معزز ہے علی کا مدح خوان ہی تو محمد کا

ہمنے جسدن سے تجھے ای مہ تابان دیکھا
چاک مانند کتان اپنا گریبان دیکھا

خلق کو عاشق خال رخ جانان دیکھا
یہ وہ دانا ہی کبھی جسکو نہ ارزان دیکھا

داغ پر داغ سے ہے سینہ کو سوزان دیکھا
مین نے ان آنکھون سی کیا کیا نہ مری جان دیکھا

جب سے اوس گیسوی پیچان کو پریشان دیکھا
سر پٹکنے لگے وحشت مین یہ سامان دیکھا

بیت ابرو مین تری کعبۂ ایمان دیکھا
نظر آیا جو رخ پاک تو قرآن دیکھا

سب کو مانند زلیخا ترا خواہان دیکھا
یہ تماشا عجب ای یوسف کنعان دیکھا

بلبلون نی جو گل عارض جانان دیکھا
پھر نہ بھولی سے کبھی سوی گلستان دیکھا

چاک ہاتھون سی جنون کی یہ گریبان دیکھا
وحشت دل کی بدولت یہ بیابان دیکھا

دل کو مجروح تو اس چشم کو گریان دیکھا
یہ نیا ظلم ترا ای شب ہجران دیکھا

جس نے اک مرتبہ اوج در جانان دیکھا
اوس نے مڑ کر نہ کبھی تخت سلیمان دیکھا

عشق گیسو مین مری ہم تو یہ سامان دیکھا
ای پری خاک کو بھی اپنی پریشان دیکھا

ای صنم ظاہر و باطن ترا یکسان دیکھا
اس طبیعت کا تو ہم نے نہین انسان دیکھا

کربلا جا کی مزار شہ ذیشان دیکھا

چشم عاشق نی در روضہ رضوان دیکھا

ڈوبتا شہر جو عاشق ترا گریان ہوتا
انکھین دو چشموں سی ظاہر ابھی طوفان ہوتا

مہربان مجھہ پہ نہ گر یار کا دربان ہوتا
یار دیوار کی پہ کشتۂ ہجران ہوتا

تیرا جلوہ جو سر گور غریبان ہوتا
حشر کا عالم ارواح مین سامان ہوتا

موسم گل مین نہ مرتی تو یہ سامان ہوتا
پای دامن پہ سر چاک گریبان ہوتا

دیکھتا کون عیان گر رخ جانان ہوتا
کوئی بیجان کوئی ششدر کوئی حیران ہوتا

حافظ حسن نہ کیون گیسوی پیچان ہوتا
ہیچ ہی ہر گنج کا افعی ہی نگہبان ہوتا

ہم وہ عاشق ہین کہ اک آن مین پیدا کرتے
اپنا معشوق جو سو پردہ مین پنہان ہوتا

رنگ ہر شی کا تری سامنی اوڑ جاتا ہی
زرد کیونکر نہ رخ مہر درخشان ہوتا

تیغ قاتل کے تلی ہین نے بڑا صبر کیا
آہ گر مونہہ سے نکلتی تو پشیمان ہوتا

کیون نہ جو ہوتین تری مصحف رخ کی تصویر
قدر مین کم نہین چھاپا ہوا قرآن ہوتا

ہون وہ بیمار کہ آتا جو ارسطو سا طبیب
مونہہ مرا دیکھہ کے انگشت بدندان ہوتا

سخت جانی نی کیا عشق مین رسوا مجکو
کاش مین دیکھتے ہی یار کو بیجان ہوتا

گرم ہوتی جو کسی شب کو لپٹ کر تجھسے
ای پری ہمکو بھی کچھہ لطف زمستان ہوتا

دانۂ خال رخ یار پہ کیونکر پڑتا
طائر دل جو اس طرح کا نادان ہوتا

بوسہ لیتا جو مین بحکم تو غصہ سی ابھی
آہوی چشم صنم شیر نیستان ہوتا

جان دیتی جو نہ ہم یار کمان ابرو پر
کسکا دل پھر ہدف ناوک مژگان ہوتا

دست صیاد سی آبادی گلشن نرہے
بلبلین ہوتین تو یہ باغ نہ ویران ہوتا

سختیان ہجر کی سب دل پہ اوٹھائی مین نے
مرد کہلا کے غضب تھا جو ہراسان ہوتا

سر اوڑتا جو چمن مین تری آنکھونکی خصوص
دار پر کھینچدو نرگس کو یہ فرمان ہوتا

ساتھہ ہوتا جو سفر مین نہ وہ شنگ سفر تو
دل مثال جرس قافلہ نالان ہوتا

دیکھتا پان کی سرخی جو تری ہونٹون پر
رشک سے خون جگر لعل بدخشان ہوتا

پھول کھلتی کی ہین دن فصل بہار آئی ی
سینہ داغون سی نکیون رشک گلستان ہوتا

اپنی وحشی کی خبر کو جو تم آتے اک دن
غیرت وادی ایمن یہ بیابان ہوتا

پہیلتی گر نہ ختن مین تری زلفونکی شمیم
یون نہ پہر مشک کا سودا کبھی زندان ہوتا

گر تری کان تک اسکی نہ رسائی ہوتے
ہی الیقین خاک بہ غلطان در غلطان ہوتا

دولت حسن کی لازم ہی حسینونکو زکات
بوسہ اک دیتی تو کیا آپ کا نقصان ہوتا

ایک شمہ جو غم ہجر کا لکھتا مین تجھے
ختم نامہ کا نہ مضمون کسی عنوان ہوتا

چہرہ عنبرونکا مین کرتا نظر ای محسن
تیری سرکار سی گر مجھکو قلمدان ہوتا

اک غزل اور اسی مین جو سناتی عاشق
کیا ہی گلشن مین خجل مرغ خوش الحان ہوتا

جلوہ افروز جو تو ای مہ تابان ہوتا
آئینہ خانہ مرا رشک پرستان ہوتا

سر بازار وہ مہر وجو خرامان ہوتا
پھر تو ڈھونڈون کوئی یوسف کا نہ خواہان ہوتا

خون سی دامن قاتل اگر افشان ہوتا
کیا قلق مجکو تہہ خنجر بران ہوتا

دل نہ گر شیفتہ کاکل جانان ہوتا
کبھی مجموعۂ خاطر نہ پریشان ہوتا

سامنے آنکھونکے گر جلوہ جانان ہوتا
مرحلہ مرگ کا مشکل تھا پہ آسان ہوتا

مین وہ وحشی ہون کہو تی جو ملاقات تجھے
دل مجنون بھی مری ہاتھ سے نالان ہوتا

ہمنے کچھ سوچ کے بوسہ نہ لیا ابرو کا
ورنہ پھر قتل کو خنجر ترا عریان ہوتا

تیغ قاتل جو نہ خون مین مجھے غوطہ دیتے
پاک کسطرح یہہ آلودہ عصیان ہوتا

جان کنی مین بھی اسی سونگھ کے جی اٹھتی ہم
پاس مونہہ کے جو ترا سیب زنخدان ہوتا

شام کی ہوتی ہی آتی جو شب فرقت مین
ای اجل مجھپہ نہایت ترا احسان ہوتا

دست رنگین کی تصور مین لہو رویا ہون
کیون نہ اک تختۂ گلشن مراد امان ہوتا

حق نی بخشا تجھے انداز و ادا ناز و نمک — کیون نہ تو مملکتِ حسن کا سلطان ہوتا

کون تھا سلسلہ جنبان جنون قیس کے بعد — ای پری گر نہ مری ہاتھ یہ میدان ہوتا

دیکھتا گر ترا انداز تبسم ای یار — غنچۂ گل نہ کبھی باغ مین خندان ہوتا

تو نی ای جوش جنون پہلے نکالا دنہ — موسم گل مین نہ خالی مرا زندان ہوتا

وہ مرض ہی یہ غمِ عشق کہ ہوتی جو مسیح — کبھی ولنسی بھی نہ اس درد کا درمان ہوتا

ای پری کس سی تری ظلم کا شکوہ کیجے — کرتی فریاد جو دنیا مین سلیمان ہوتا

وجہ یہ ہی جو پریزاد اوسی کہتے ہین — رحم انسان پہ وہ کرتا اگر انسان ہوتا

ای جنون تو نی وہ بخشا ہی تنِ زار کو زور — مان جاتا مری طاقت جو نریمان ہوتا

مدحت زلف پریشان جو رقم کرتا ہین — جمع ہرگز نہ کسی سے مرا دیوان ہوتا

حسرتِ کوچۂ دلدار ہی اس طرح مجھے — جیسی بلبل کو ہی شوق چمنستان ہوتا

عید کے دن وہ نکلتا جو گلے ملنے کو — پہلے یہ عاشق جان باز ہی قربان ہوتا

لبِ جان بخش پہ اوس شوخ کی سب مرتی ہین — پوچھتا کون جو یہان چشمۂ حیوان ہوتا

اپنا دیدار دکھاتا جو نہ تو او کافر — بیگنہ سر پہ تری خون مسلمان ہوتا

کہودتے گر تری کوچے مین کنوان ای قاتل — ہی یقین وہان سے عیان گنجِ شہیدان ہوتا

ہمہ تن داغ مجھے دیکھ کے کہتا ہی وہ شوخ — واہ انسان بھی ہی سروِ چراغان ہوتا

دیتی نسبت شعرا دستِ نگارین سے ترے — بی کلائی کا نہ گر پنجۂ مرجان ہوتا

دیکھ لیتا ترا عاشق بھی شبِ ماہ کی سیر
توجو ای چاند کسی رات کو مہمان ہوتا

جلوہ گر جب اوس پری کا روئے تابان ہو گیا — نیرِ اعظم چراغ زیرِ دامان ہو گیا

وصل کی شب اور کامل میرا ایمان ہو گیا — مصحفِ رخ چومتے ہی یاد قرآن ہو گیا

دیکھ کر وہ اپنی صورت آپ حیران ہو گیا — آئینہ تصویرِ رنگین سے گلستان ہو گیا

خواب مین دیکھا جو اوس رشک زلیخا کا جمال
یک بیک تصویر حیرت ماہ کنعان ہوگیا

پھاڑ ڈالی پنجۂ وحشت نے کپڑی اپنی یون
بید مجنون کیطرح یہان جسم عریان ہوگیا

باغ مین آئی جو وہ دیکھا عجب اعجاز حسن
سایۂ زلف پریشان سنبلستان ہوگیا

تیری آنی سے یہ پایا اوج مین نی ای پری
نہلے مور ناتوان تھا اب سلیمان ہوگیا

ضعف سی ہاتھ اوٹھہ نہین سکتا کرون کسطرح چاک
طوق گردن موسم گل مین گریبان ہوگیا

روئی ایسا عشق مین ہم ایک بحر حسن کے
غیرت داماں دریا اپنا دامان ہوگیا

ہین عجائب کارخانہ گلشن ایجاد کے
پھر نہ یان پیدا ہوا وہ گل جو پنہان ہوگیا

کونسی صورت ہی عاشق اب ہمارے زیست کی
دوست سمجھے تھے جسے وہ دشمن جان ہوگیا

بر مین عاشق کی نہ جب تک وہ گل اندام آیا
کسی پہلو دل مضطر کو نہ آرام آیا

دست صیاد سے گلشن مین نہ آرام آیا
ہم جہان بیٹھہ گئے لیکے وہین دام آیا

جو گیا اونکے بلانیکو وہ نا کام آیا
غم جدائی کا مبارک ہکو یہ پیغام آیا

دیکھی کیا دل بلبل یہ گذر جاتی ہے
رنگ گلشن کا اوڑانیکو وہ گلفام آیا

سچ ہے ہم جنس بہی رکھتے ہین محبت مین حسد
دل نی نالی کیے لب پر جو ترا نام آیا

لگ گئین شوق مین یان چہت کو ہماری آنکھین
پر نہ وہ غیرت مہتاب لب بام آیا

کنج مرقد سے صدا آتی ہی لیلے لیلے
بعد مرنیکے بہی مجنون کو نہ آرام آیا

دکھین آگی یہ بلا کیا ہمین دکھلاتی ہے
ایڑیون تک تو سر زلف سیہ فام آیا

ای پری جیتا ہی ستنکے ترا دیوانہ عشق
تجکو خسخانی مین کسطور سے آرام آیا

نہ ہوا داغ نہ خون ہوکی بہا آنکھون سے
کوئی پوچھے تو کہو یہ دل مری کس کام آیا

عقدے کہلجائینگے صیاد کی بیرحمی کے
دھیان گلشن کا جو بلبل کو نہ وہم آیا

کہین جلد آسکے کہے قاصد جانان عاشق

تو مبارک ہو تمھین وصل کا پیغام آیا

ملانا ہی مشکل زبان سے زبان کا
نشان تک نہین اوس پری کے دہان کا

لحد مین کفن سے جو مونہہ ہمنے ڈہانکا
کوئی دوست دشمن نہ پھر آکے جہانکا

کہون حال کیا دل کے زخم نہانکا
لگا تیر عشق ایک ابرو کمانکا

ہوا بیوفائی کے ایسے چلے ہے
کہ جو دوست تھا وہ بھی دشمن ہی جانکا

بھری آنکھہ بیوجہ اوس ماہ رو کے
گلہ کیا کرون دگردش آسمان کا

قفس ہی مین رہنی دی صیاد مجکو
ہوا دخل اب تو چمن مین خزان کا

اب اوس رشک عیسی کو لاچار ہون
یہ ای جذب دل وقت ہی امتحان کا

کسی گل مین عاشق نہین بوئی الفت
عجب رنگ دیکھا ریاض جہان کا

جب اونکا تیر مری دل کے وار پار ہوا
تو بولے وہ کہ نیا جانور شکار ہوا

تمھاری عشق مین کسدن مجھی قرار ہوا
نظر سی بھی گیا مونہہ پھیرا تو نثار ہوا

لحد مین بھی مجھی سودائی زلف یار ہوا
دہوئین کی طرح پریشان مرا غبار ہوا

کچھہ انتہا بھی ہی کاوش کی ای سر مژگان
کہ اب تو سوکھہ کی کانٹا سا جسم زار ہوا

گلونکے عشق مین جان اپنی ہم گنوا بیٹھی
ہزار حیف کہ دل پر نہ اختیار ہوا

سحر کو کرتا ہے اقرار شام کو انکار
یہ ان دنون متلون مزاج یار ہوا

جلا کیا صفت شمع داغ دل برسون
یہ لو لگی رہی لیکن نہ وصل یار ہوا

نہ ایک رنگ پہ دیکھا ریاض ہستی کو
کبھی خزان تو کبھی موسم بہار ہوا

یہ کسنی آکے چمن مین گلون کو زرد کیا
کہ آج بلبل شیدا کو خار خار ہوا

خبر چمن کی نہ کچھہ پوچھہ مجھسے ای صیاد
قفس مین اب کی نہ مجھی موسم بہار ہوا

عجیب مخمصۂ کفر و دین مین ہون عاشق

جو خوش وہ بت ہوا ناراض گردگار ہو

کیا لکھون وصف اوسکے گیسو کا — چاہیے خامہ شان آہو کا
ہون مین کشتہ کسیکی ابرو کا — پیچ مجھپر پڑا ہے گیسو کا
جب سے سودا ہے اوسکے گیسو کا — تار ٹوٹا کبھی نہ آنسو کا
اوسکے دنبالہ دار سرمہ پر — شبہہ ہوگا زبان آہو کا
ہون مسلمان یقین سمجھہ اے بت — بوسہ لیلون گا خال ہندو کا
دل سے کیونکر نہووی انس ہمین — آشنا ہی ہمارے پہلو کا
لب رنگین کی یاد مین برسون — ہمنے صدمے سہے لہو تھو کا
آنکھین ہین دید کی متمنا مین — سر ہی مشتاق تیری زانو کا
چاندنے جس پہ داغ کھایا ہے — وہ ہی رخسار میرے مہرو کا
کھول دو زلف عنبرین کے گرہ — دل ہی مشتاق مشک کی بو کا
ٹپکے آنکھون سے کیون نہ خون جگر — زخم کھایا ہے تیغ ابرو کا

حلقۂ ناف یار پر عاشق
ہی یقین مجکو چشم آہو کا

بہار آئی چمن مین نک بدلا باغ عالم کا — چلی پھر اپنی وحشت کی ہوا پھر داغ دل چمکا
خیال قامت جانا نمین بتلا ہون بس غم کا — گمان سرو گلستان پر ہی مجکو نخل ماتم کا
تری رہتی ہی ہر دم سبزۂ مژگانمین اشکون کی — لب دریا سی کیا کم ہی کنارہ چشم پرنم کا
نہین بہولا مجھے شرما کے اوسکا وصل مین کہنا — اوتاری قبر مین ہمکو جو کھولی بند محرم کا
مزاج اوسکا نکیونکر نالۂ بلبل سی برہم ہو — نزاکت سی دو پٹہ بار ہو جس گل کو شبنم کا
جو محرم ہو چکا ہو اوس سی پردہ کیا حیا کیسی — بلائین دیر سی لیتا ہون کھولو بند محرم کا
روان ہوتی ہی کاغذ پر سیاہی صورت دریا — جو لکھتا ہون کبھی احوال اپنی چشم پرنم کا

نصیب نحس کا بخشد ینا جرم عاشق کو
خدا وندا نہ مجہے رستہ نہ کہلانا جہنم کا

اسیر دام آفت ہوگیا آخر جگر عاشق
پڑا پہندا گلی مین حلقہ گیسوی پرخم کا

کب مری دلکو خیال رخ جانان نہ ہوا
جلوہ گر کب مری گہر مین مہ تابان نہ ہوا

دہجبیان کا نٹون سی کسدن مرا دامان نہ ہوا
چاک کب موسم گل مین یہ گریبان نہ ہوا

آستین کہنیون تک تیری کسروز چڑہی
کب مری قتل کو خنجر ترا عریان نہ ہوا

کونسا دل ہی نہین جسمین محبت تیری
کون کافر تری الفت مین مسلمان نہ ہوا

کیون ہٹا جاتا ہی قاتل مجہے بسمل کرکی
لطف کیا خون سی جو دامن ترا افشان نہ ہوا

یہی ای چرخ رہی تجہسی شکایت مجکو
ایک شب آکی وہ مہرو کبہی مہمان نہ ہوا

چمن دہر مین روتی ہی رہی ہم برسون
غنچۂ خاطر نازک گل خندان نہ ہوا

کونسی روز نہین ہمین شگوفہ پہولا
سینہ داغون سی یہ کب رشک گلستان نہ ہوا

دشمنی کسسی نہ کی مجہسے تری الفت مین
ای پری کون میری جان کا خواہان نہ ہوا

جہگڑی کونسی دن یہان نہ ہوئی پریونکی
کب یہ ویرانہ مرا رشک پرستان نہ ہوا

رشک ابروسی نہ کسدن ہوا کاہیدہ ہلال
رخ انورسی خجل کب مہ تابان نہ ہوا

بوسۂ لب مجہی عاشق نہ دیا اوسنی کبہی
شکر کرتا ہون کہ شرمندہ احسان نہ ہوا

زلف کو سنبل تررخ کو مین گلشن سمجہا
خال جمہ کا تو اوسی اختر روشن سمجہا

دوست کو دوست نہ دشمن کو وہ دشمن سمجہا
حیف ہی کچہہ بہی نہ دل مین بت پرفن سمجہا

پیچ مین اوسکے نہ آیا وہ کبہی عالم مین
زلف جانانکو جو اوڑتی ہوئی ناگن سمجہا

گلشن دہر مین رہتی ہی خلش خارون سے
مین اولجہنا ترا ای گوشۂ دامن سمجہا

پڑ گیا عکس تری رخ کا جس آئینہ مین
عندلیبون نی اوسی تختۂ گلشن سمجہا

اسکی سجدے نہین بچبا ہی صنم خانونمین
ای خدا کہیہ تو بتو نکو ہی برہمن سمجبا

سخت عاجز ہین ہم اب تنگدلی سی اوسکی
تو خدا کی لیے اوس بت کو برہمن سمجہا

نہوا کشمکش دام سی نالان ہرگز
مین قفس کو بہی اسیری مین نشیمن سمجہا

قبر مین وہ رخ روشن جو مجھے یاد آیا
ماہ تابان کو چراغ سر مدفن سمجہا

مستی مل کر جو گیا باغ مین وہ غیرت گل
دہن تنگ کو مین غنچۂ سوسن سمجہا

ہر سحر پہول چڑہاتی ہی جو لاکر بلبل
کیا مری قبر کو گلچین کا ہی مدفن سمجہا

اس قدر کہائی ہین گل مین نی تری ہجر کی چوٹین
جسنی دیکہا تن بیرداغکو گلشن سمجہا

بال جب اوسنی مری قبر پہ کہولی عاشق
دور سی جسنی نظر کی اوسی جوگن سمجہا

ساقیا دل جب سی شیدای لب میگون ہوا
جام می بیری نظر مین ساغر پر خون ہوا

بنگیا فرہاد کوئی اور کوئی مجنون ہوا
جسنی دیکہا اوس پری کا حسن وہ مفتون ہوا

جب گلستان مین خیال عارض گلگون ہوا
اشک کی جا دیدۂ گریان سی جاری خون ہوا

بادہ نوشی سی تمہارا حسن او افزون ہوا
لال ڈوری پڑ گئی آنکہونمین رخ گلگون ہوا

بن گیا لکہتی ہی وہ سرو گلستان غزل
وصف قامت مین کوئی مصرعہ اگر موزون ہوا

جانسی ہمتو گئی اور یہ نہ پوچہا آپ نی
چل گئی تلوار کس کے دل پہ کس کا خون ہوا

تو نہ پگہلا او ستمگر ورنہ تیری عشق مین
درد دل جسکو سنایا مین نی وہ محزون ہوا

جسکہ یہ مرتا ہون خبر اوسنی تو پوچہی ہی نکہیہ
ای اجل مین تیری آنی سی بہت ممنون ہوا

مر گیا ہون قامت موزون جانان دیکہ کر
اس لئی ہین سرو گلشن کی تلی مدفون ہوا

دیکہہ کر کہتی ہین پریان مجہہ نحیف وزار کو
بعد مجنون کی یہ پیدا دوسرا مجنون ہوا

بوسہ پر بوسہ مجہی دیتا رہا وہ صبح تک
وصل کی شب مین نہایت یار کا ممنون ہوا

جب کبہی اوس لالہ رخ کا آگیا دل مین خیال
میری آنکہون سی روان زخم جگر کا خون ہوا

گوہر دندان جانان کی صفائی دیکھ کر
پانی پانی شرم کی ماری دُرِ مکنون ہوا

کیون نہ اوس پردہ نشین کو حسن کا ہووی غرور
ایک عالم جسکا بی دیکھی ہوئی مفتون ہوا

دیکھیی کس کسکو کرتی ہو شہید تیغ ناز
بارہ پر نامِ خدا اب تو قد موزون ہوا

ہر غزل مین ہو نئی بندش تو ہی حسن سخن
لطف کیا ہووے اگر کہنہ کوی مضمون ہوا

کس نے عاشق ہو بتاؤ کچھ تو ای عاشق ہین
رخ ہوا کیون زرد آنکھون سی رواں کیون خون ہوا

قتل کرنیکو مجھی وہ ستم ایجاد آیا
مژدہ باد ای دل مشتاق کہ جلاد آیا

سیر گلشن کو جو وہ غیرتِ شمشاد آیا
قمریون مین یہ ہوا غل کہ پریزاد آیا

کانپ اوٹھا دل جو نظر کوی پریزاد آیا
اوڑگئی ہوش مجھی داغ جنون یاد آیا

قد جانان جو گلستان مین مجھی یاد آیا
سایۂ سرو مین کرتا ہوا فریاد آیا

شہر سی دشت جنون مین جو مین ناشاد آیا
حال بربادی مجنون کا نہ مجھے یاد آیا

ساقیا بادۂ گلگون کا کوئی ساغر دے
پھر سما فصل بہاری کا نہ مجھے یاد آیا

کس خطا پر دلِ شیدا کا مری خون کیا
رحم مطلق نہ تجھے او ستم ایجاد آیا

شمع سان خود مین کف دست پہ سر کیون ہو
تیغ کیون کھینچ کے میری لیے جلاد آیا

قبر مین چاک کیا مین نے گریبان کفن
بعد مردن جو ترا بند قبا یاد آیا

خاک اوڑتی نظر آئی جو بیابانو مین
یاد اپنا مجھے کیا خانہ برباد آیا

ہل گیا سینہ مین دل اشک نکل آئی مرے
جب کہین تذکرۂ حسرت فرہاد آیا

روح عاشق کی قسم ہی تجھی سچ سچ کہدے
بعد مرنیکے بہی تجکو مین کبھی یاد آیا

آشیانی سی نکلیو نہ چمن مین بلبل
دام پھر لیکے تری گھات مین صیاد آیا

جو ہی تصویر وہ بیمثل ہے اللہ اللہ
دیکھکر حسن بتان مجکو خدا یاد آیا

دیکھیے کون سی عاشق کا گلا کٹتا ہی
تیغ پھر ہاتھ مین کھینچے ہوئی جلاد آیا

زلفین بڑہ بڑہ کی ادہر پاؤنمین زنجیر ہوئین
بات اولٹی ہی کہ خود دام مین صیاد آیا

پھر گئی آنکہونمین بلبل کی چمن کی تصویر
جب نظر جاک قفس سی کبہی صیاد آیا

شوق دیکہو کہ تلف کرنیکو جان شیرین
کوہ پر ہاتہہ مین تیشہ لئی فرہاد آیا

خاطر مرغ گرفتار کی تسکین نہوئی
لیکے سَو بار قفس باغ مین صیاد آیا

ہوگیا اور ہی لطف اپنی سخن مین عاشق
ہاتہہ جب سونس خوش طبع سا اوستاد آیا

رشک گل غیرت شمشاد تجہے دیکہہ لیا
ہم نے ای یار پریزاد تجہے دیکہہ لیا

چار آنکہین ہوئین جب ہمسے تو پردہ کیسا
اب تو خوب اوستم ایجاد تجہے دیکہہ لیا

جیسا سنتے تھے سنا اوس سے ہی پایا تجکو
فی الحقیقت ہی پریزاد تجہے دیکہہ لیا

آج کہتا تہا وہ ظالم کہ گلا کاٹون گا
کل جو کرتی ہوی فریاد تجہے دیکہہ لیا

آکی دم بہر کبہی سایہ نکیا تربت پر
واہ ای غیرت شمشاد تجہے دیکہہ لیا

دور ہون پر ہی تصور ہمین صحبت حاصل
آئی جب دل مین تری یاد تجہے دیکہہ لیا

شکر ہی حسرت دیدار نہ آنکہونکو رہی
ہمنی مرتی ہوی جلاد تجہے دیکہہ لیا

خود بخود دل مین ہوا شوق اسیری پیدا
دور سی جب کبہی صیاد تجہے دیکہہ لیا

بوسہ لب کبہی مانگا تو یہ فرمانی لگے
اپنی مطلب ہی کا اوستاد تجہے دیکہہ لیا

مردہ ہم ہوگئے غمگین نظر آیا جسدم
تن مین جان آگئی جب شاد تجہے دیکہہ لیا

ضبط آخر نہ ہوا درد محبت تجہہ سے
واہ ای عاشق ناشاد تجہے دیکہہ لیا

ذکر ہر لب پہ ہی گر اوسکی جفا کاریکا
خلق مین شور ہی میری ہی وفاداریکا

کیا مداوا مین کرون عشق کی بیماریکا
دل کو نالونکا مرض چشم کو بیداریکا

روی روشن ہی تری کیا ہو مقابل خورشید
نور کی سامنی کیا ذکر بہلا ناری کا

نشہ می مین بہی آئی ند یا پاس مجہے
ہون مین دیوانہ پر پرو تری ہشیاریکا

آتش عشق محبت نی جلایا ہی جو دل
صاف عالم ہی ہر ایک آشک مین جنگاریکا

عید قربان ہی گلی کٹتی ہین عشاقکی آج
دیکہی آتا ہی کب وقت مری باریکا

ہوئمین پروانۂ نور رخ حیدر عاشق
خوف کچہہ مجہکو نہین گور کی اندھیاریکا

پڑ گیا پرتو جو اوسکے پہول سی جنہار کا
صاف آئینہ مرقع بنگیا گلزار کا

کیا اثر ہی اوس پریکی پرتو رخسار کا
رنگ افزون ہی گلو بنسی موتیونکی ہار کا

دخل کب ہی اپنی داغونکی چمن مین خار کا
نام رکہا ہی پرطاوس اس گلزار کا

اسلیی پہیلا ہی دامن زخم دامن دار کا
اور بہی اک وار پڑ جائی تری تلوار کا

دیکہکر چاک قفس سی گل کو پامال خزان
ہو گیا ٹکڑی کلیجہ عندلیب زار کا

ناتوانی کا سبب ضبط فغان ہی عشق مین
خشک ہوتا ہی لہو پرہیز سی بیمار کا

اک نظر صورت دکہا ای بت خدا کیواسطے
دم ہی اب آنکہونمین تیری طالب دیدار کا

جان بلبل بیع قفس ہی یا چمن آر ای خلق
قافلہ گذری ادہر سی نکہت گلزار کا

بند ہو جاتی ہی گردون پہ چشم آفتاب
ای پری گر آئینہ چمکی تری رخسار کا

چونک اوٹہی تربت مین مجنون شور محشر جانکر
غل اگر سن لے مری زنجیر کی جہنکار کا

آرزو یہ دلمین ہی عاشق ہماری ات دن
جا کی آنکہون سی ملون مرقد شہ ابرار کا

جلا گیا تپ فرقت سی آبلہ دل کا
یہ اُف نکی کہی اللہ ری حوصلہ دل کا

کمر جو زلف نی غارتگری پہ باندھی ہے
اندہیری رات مین لٹتا ہی قافلہ دلکا

شب وصال ہی بوس و کنار ہونی دو
خطا معاف نکلنی دو حوصلہ دل کا

اولجہہ کے زلف مین کیا کیا سہی پشیمانی
اوٹھائی رنج ہوا جب یہ سلسلہ دل کا

خدا کرے کہ وہ زلف دراز ہاتھ آئے — کبھی تو سلسلہ جنبان ہو حوصلہ دل کا

بتون کی ظلم کا انصاف حشر مین ہوگا — خدا کی سامنے ٹھہرا ہی فیصلہ دل کا

مزے شباب کی پیری مین یاد آتی ہین — نہ زور و شور جنون ہی نہ ولولہ دل کا

روان ہین خون کی فوارے اشک کی ہمراہ — بہا ہی پھوٹ کی شاید کہ آبلہ دل کا

جگر کی ٹکڑے نکلتی ہین آہ کی ہمراہ — روان صدای جرس پر ہی قافلہ دل کا

بہار آئی ہی کرتی ہی چہچہی بلبل — دکھا رہا ہی نئی رنگ ولولہ دل کا

نہ اونکو قدر ہوئی میری جان دینی کی — ہوا نہ صاحب دل سی مقابلہ دل کا

نصیحتون سی سوا ہو گیا جنون عاشق
کسی طرح سی ہوا کم نہ ولولہ دل کا

دل پردہ نشینون سی لگانا نہین اچھا — کوچی مین پری رویون کی جانا نہین اچھا

رخ چاند سا زلفون مین چھپانا نہین اچھا — ای جان یہ اندھیر مچانا نہین اچھا

دل جانکی زلفون مین پھنسانا نہین اچھا — ای طائر دل دام مین آنا نہین اچھا

اقرار تو نہین کرتے ہو آتی نہین اک دن — ایجان بہانا روز بہانا نہین اچھا

گو آگ لگی دل مین مگر ضبط ہی لازم — ای شمع لب شکوہ کا بہانا نہین اچھا

تانین تری بچی کی سنی ہین جو چمن مین — گل کہتی ہین بلبل کا ترانا نہین اچھا

ہو جائیگا وہ غیرت گل اور بھی مغرور — بلبل کی طرح عشق جتانا نہین اچھا

سب ظلم و ستم خوب ہین اس شوخ پری کی — لیکن دل عاشق کا جلانا نہین اچھا

تنہا اونہین پاکر جو مین لپٹا تو وہ بولے — بے شرم ہی مونہہ تجھکو لگانا نہین اچھا

پردہ کو اوٹھا کر نہ مجھے صورت بھی دکھا دو — خالی فقط آواز سنانا نہین اچھا

سوئے ہین شب وصل کی جاگی ہوئی عاشق
ای مرغ سحر شور مچانا نہین اچھا

جب کبھی وصل کا سوال ہوا — اوراونکو سوا ملال ہوا
تیری فرقت مین ای سہ خوبی — ایک دن مجکو ایک سال ہوا
مار ڈالا ہی یاد گیسو نے — اپنا جینا مجھے وبال ہوا
پھل نہ پایا سوای داغ فراق — مل کی اوس گل سے مین نہال ہوا
پھر لگا دیکھنے پریشان خواب — پھر کسی زلف کا خیال ہوا
کس اداسی چلا ہی چال وہ شوخ — کہ دلِ کبک پائمال ہوا
ہاتھ ہر ایک کی جو نکبتا ہی — دل مرا مفلسون کا مال ہوا
رخ پہ زلفین جو اوسنے بکھرا دین — کیا پریشان ہمارا حال ہوا
ہم نے چندی مین دیکھا اوسکا زوال — جو کوئی صاحبِ کمال ہوا
سچ کہو آگیا یہ کیا دل مین — تمکو میرا جو پھر خیال ہوا

مل گئی ابتو عشقبازون مین
خوب عاشق تمہین کمال ہوا

مرا سر جو تن سی جدا کیجیے گا — تو دستِ تاسف ملا کیجیے گا
یقین تھا کہ ہم سے وفا کیجیے گا — یہ کیا جانتے تھے دغا کیجیے گا
ملیگا نہ جان باز مجھسا ہی صاحب — ہزارون اگر آشنا کیجیے گا
مری گھات پر آئیے گا کبھی تو — یہ عیاریان تا کجا کیجیے گا
شبِ وصل ہی کوئی بوسہ تو دیجے — کہان تک یہ شرم و حیا کیجیے گا
سبب کیا جو زلفین سنورتی ہین صاحب — کسی اب اسیرِ بلا کیجیے گا
غرورِ جوانی عبث آپ کو ہی — جب آئی گی پیری تو کیا کیجیے گا

کوئی اتنا پوچھے تجھے تو ان حاسدون سے
عدو ہو کے عاشق کا کیا لیجیے گا

بگو بادِ صبا آن دل ربا را | بیا بر تربتم ای بت خدا را
مکن آراسته زلفِ دو تا را | میار ای یار بر من این بلا را
تلاش آن پریوش کل افتاد | که خود گم کرده ام اکنون دست یارا
اگر رنجیده بر بوسهٔ لب | خدارا مسترد کن این عطا را
فگندی پرده بر رخ در شبِ وصل | بهانه ساختی شرم و حیا را
سرایم در چمن این نظم رنگین | کنم خاموش مرغ خوش نوا را
گرفت از من دل و بر دل ستم کرد | نشد قدرِ وفا آن بیوفا را
چه حالِ درد دل تحریر سازم | جفا جو پُر دغا نا آشنا را
کجا در ماه این شوخی و این حسن | دهم نسبت چه روی پر ضیا را
مکن ردِّ سوال ای شاهِ خوبان | برم یک بوسهٔ لب این گدا را

مشو آشفته عاشق در شبِ وصل
بر از دستِ خود صبر و رضا را

نشہ کیا کیا نہ چڑھا اور نہ کیا کیا اوترا | زلف پیچان کا مگر سر سے نہ سودا اوترا
حال بس عشق کی تاثیر اسی کہتی ہین | درد سر مجھکو ہوا یار کا چہرا اوترا
شکل ہی یاد وہ عالم کی مرقع مین ترے | جس کا ابتک نہ مصور سے بھی چربا اوترا
آشنا جو ہوا اس بحر سے وہ غرق ہوا | ایک بیرا کہ نہ یہ عشق کا دریا اوترا
کان مین پہونچی جو آواز تری گانی کی | رقص کرتا ہوا افلاک سے زہرا اوترا
لی نہ کروٹ تری کشتہ نی لحد مین قاتل | شانہ جبتک نہ ہلانی کو مسیحا اوترا
سینہ داغون سی ہمان بن گیا رشکِ گلشن | آکے دستِ نگارین سی نہ چھلا اوترا
شعر گوئی مین نئی بات تو نکا آیا جو خیال | روز مضمون مجھی گردون سی نرالا اوترا

شرط کی بوسی وہ دیکے مجھی بولی عاشق

لله الحمد که اوسی کا تقاضا اوترا

دل الجهکر مثل شانه زلف پیچانمین رہا
اپنا سودائی سدا اس سنبلستانمین رہا

وصل کا اقرار لازم تها زلیخا سی تجهی
اپنی ہاتهون سی تو یوسف آپ زندانمین رہا

ای صبا اگر سونگهائی کیون نه بوئی زلف یار
دیر تک مین منتظر تیرا گلستان مین رہا

روئی روشن نی تیری ایسا دیا ہی سکو داغ
تا قیامت بس یه دهبا ماه تابانمین رہا

ساتهه سویا روز مین اوس آتشین رخسار کی
کیا کهون جو لطف باہم اس زمستانمین رہا

حشر مین دامن ہی تیرا کهینچون اور اپنا ہاتهه
تار اک باقی اگر میرے گریبانمین رہا

چونک اوٹها آیا جو دلکو زلف شبگون کا خیال
سو گیا تو مین عجب خواب پریشانمین رہا

کر کی آرایش نه کس کس کو کیا تمنی حلال
کون باقی ابکی صاحب عید قربانمین رہا

پهر کسی لیلی ادا پر طبع مائل ہو گئی
پهیر مین مجنونکی طرح جا کر بیابانمین رہا

چشم جانان نی دکهائی آنکهه کچهه ایسی ہمین
نام تک باقی نه شوخی کا غزالان مین رہا

دیکهتا کیونکر مقابل ہی تری صورت سی وه
کیا کهون یوسف نه زنده شهر کنعانمین رہا

ہم اندهیری مین یہان جلتی رہی وان اکا
رات بهر وه شمع رو سیر چراغانمین رہا

جا چکا جوش جنون آخر ہوئی فصل بہار
اشک خون کا رنگ باقی اپنی دامانمین رہا

سجدے کرتے ہین خدا کو یه وه ہین بت پوجتے
آج تک جهگڑا یہی گبر و مسلمانمین رہا

مر گئے لیکن نه نکلی دل سے وه خمدار تیغ
زیر خنجر بهی خیال ابروی جانانمین رہا

تخت پریون کی سدا اوترے ہین تربت پر مری
بعد مرنے کی بهی عاشق مین پرستانمین رہا

وحشت مین وه پر هول بیابان نظر آیا
کوسون نه جہان سایۂ انسان نظر آیا

بی پرده جو شب کو رخ جانان نظر آیا
ہین صاف یه سمجها مه تابان نظر آیا

کهینچے ہوئی وه خنجر بران نظر آیا
ہشیار دلا موت کا سامان نظر آیا

کل عالمِ وحشت مین یہ سامان نظر آیا / دامن نظر آیا نہ گریبان نظر آیا
کس کا یہ دلا گیسوی پیچان نظر آیا / شب بھر جو مجھے خواب پریشان نظر آیا
دیکھا ہی وہ عالم کہ بیان ہو نہین سکتا / حیران ہون یہ کیا آنکھونکو سامان نظر آیا
اک حال یہ دیکھا نہ کبھی رنگ جہان کو / خندان کوئی یہان اور کوئی گریان نظر آیا
مائل ہوا ہر ایک بتِ پردہ نشین پہ / ایدل یہ ترا جوہر پنہان نظر آیا
دیکھا تھا جسے چشم پری نی بہی اب تک / شب کو وہ مجھی نور کا انسان نظر آیا
آنکلا کبھی سیر چمن کو جو وہ خوش قد / آزاد ہر اک سروِ گلستان نظر آیا
مانند کتان چاک ہوا یہ دل پر داغ / وہ ماہ شب وصل جو عریان نظر آیا
یہان کسکو نہین یاد تیری مصحفِ رخ کی / دیکھا جسے وہ حافظِ قرآن نظر آیا
گھبرا نہ تجھے جلد لگا تا ہون ٹھکانے / ایدل جو ترا کوی بہی خواہان نظر آیا
تھا ایک ہی تو دل کا بچانا مجھی مشکل / یہ اور حسین جان کا خواہان نظر آیا
سچ ہی کہ غضب کی یہ بتِ ہند ہین کافر / جو آیا وہ غارتگرِ ایمان نظر آیا
نکلا جو ہوا اور یہ وہ شوخ پئی سیر / پریون نی کہا تختِ سلیمان نظر آیا
سمجھے وہ کہ خط اوسنی لہو کی لکھا ہی / سرنامہ جو سب خون سے افشان نظر آیا
کچھ دن ہی کیا جسنے غزل گوئی کا چرچا / چندی ہی مین وہ صاحبِ دیوان نظر آیا

چپ ہو گئی کیون کوچۂ جلاد مین جاکر
عاشق تمہین کیا شہر خموشان نظر آیا

جوشِ وحشت مین جو مین چاک گریبان نکلا / سنگ ہاتھو مین لیئے مجمع طفلان نکلا
یون ذقن ہی تری اپنا دل نالان نکلا / جسطرح چاہ مین گر کر مہ کنعان نکلا
دون کسی اور مین کرون دلشکنی کس کی / جو حسین نکلا میری جانکا خواہان نکلا
دیکھنا کتنی بلندی ڈوبکے مرجائینگے / تجھ مین پانی اگر ای چاہ زنخدان نکلا

ساتھ سوئی نہ کبھی اور نہ کبھی پیار کیا
حیف کوئی بھی دل کا میری ارمان نکلا

روئی جب یاد مین اون موتیون سی دانتونکی
اشک جو نکلا وہ رشک دُرِ غلطان نکلا

کل تو شرما کی رخِ یار سی مونہہ ڈہانپا تھا
آج پھر چہرۂ رخ پہ کیون ای مہِ تابان نکلا

ہنس گیا بیچ مین تیری جو کوئی سودائی
جیتی جی پھر نہ وہ ای گیسوی پیچان نکلا

آمد آمد کا سُنا شور جو اوسنی عاشق
پیشوائی کو میری خلد سی رضوان نکلا

کیا پوچھتے ہو تم کہ محبت مین کیا کیا
دی جان اوس پر پلکو جدا دل جدا دیا

تیری صدائی چین نہ ای دل ربا دیا
سوتی ہوؤن کو خواب اجل سی جگا دیا

مجنون کا اب ہی نام نہ فرہاد کا نشان
ہمنے دیارِ عشق مین ڈنکا بجا دیا

رویا کبھی جو یاد مین اوس بحرِ حسن کے
آنکھون سے مین نے اشک کا دریا بہا دیا

بیگانونکی خبر نہ یگانون کا ہوش ہی
سبکو تمہاری عشق مین دل سی بھلا دیا

بستر سی اب ونٹھا نہین جاتا یہ ضعف ہے
خون تو نی چلّوون شبِ ہجران گھٹا دیا

مانگا جو مین نی بوسۂ لب اوس نی صلح مین
بی ساختہ زبان سے زبان کو ملا دیا

اوس گل بغیر آنکھونمین اندھیر ہو گیا
دل کا کنول نسیمِ چمن نے بجھا دیا

جو کچھ کہ کری تو ناز بجا ہین وہ ای صنم
عاشق خدا نی محبّانے تجھے باوفا دیا

کس چین سی مین سوتا تھا آغوشِ قبر مین
شانہ ہلا کے یار نے مجکو جگا دیا

منعم خدا کی راہ مین دولت کو صرف کر
وہان کام آئیگا تری ہاتھ کا لیا دیا

سمجھا نکچہ کہ تھہری چاہِ ذقن کا عشق
دانستہ مین نی دلکو کنوئین مین گرا دیا

دعوی تھا ہمسری کا مگر آج باغ مین
قامت نے اوسکی سروِ چمن کو ہرا دیا

جو چاہی دیکھ لے کہ رخِ صاف نی ترے
مہتاب کے بھی حسن کو دھبا لگا دیا

لیجو خبر شتاب کہ اب حال غیر ہے
پہلو سی تمنے اوٹھ کے کلیجا بٹھا دیا

اوس بادشاہ حسن کی در کا فقیر ہون | خاقان سے جسکو رتبہ خدا نے سوا دیا

پہولون نہین سماتی ہو گل آتے ہے جو تم
عاشق بتاؤ تو تمہین اوس گل نے کیا دیا

کسیکی زلف مین گر بہول کر بہی دل اٹکا | تو مرتے مرتے بچا پہر اوٹہایا وہ جہٹکا
نہ عمر بہر وہ چہپٹا اسمین جسکا دل اٹکا | بلائے جان ہی مگر دام زلف کی لٹکا
تمہاری گیسوی خوشبو جو شب کو یاد آئی | اوٹہایا سر کبہی تکیہ سے گاہ دی پٹکا
مقام امن و امان جانیو نہ منزل عشق | گہڑی گہڑی ہی یہان خوف سبدم کہٹکا
مین ایک جام سے کیا سیر ہونگا ای ساقی | میرے لبون سی لگا دی شراب کا مٹکا
حیا سی بزم مین گردن جہکا کی بیٹہی وہ | ہو انقلاب یہ عالم دولہن کی گہونگہٹ کا
رکہا ہی سامنے جب دیکہو اونکی آئینہ | نہین ہی وقت ہمین کوئی سجاوٹ کا
کہان اب دہٹہ کی بہلا جاون کوچی قاتل سے | لگایا ہاتہ بہی مجہکو تو اوسنی پالٹکا
شراب کیسی پیا یار بن اگر پانی | بسان خنجر قاتل وہ حلق مین اٹکا
بلا نہ گہر مین تو رہنی دی لی پنچ در پہ مجہے | یہ آرزو ہی کہ تکیہ ہو تیری چوکہٹ کا
سوا ہی جرم محبت قصور ہی نہ گناہ | مجہی سبب نہین کہلتا تیری رکاوٹ کا
پڑا ہون ایک ہی پہلو سی جب سی دل چہوٹا | جگر مین درد ہی یارا نہین ہی کروٹ کا
جو شوق زمزمہ سنجی کا ہی تجہی صیاد | تو شاخ گل مین کوئی دام ہیر اقفس لٹکا
اکیلا یار ملا ہی لپٹ کے بوسے لو | لگاؤ دیر نہ اب کام ہی یہ جہٹ پٹ کا
اوٹہا کے پردیکو وہ ماہرو جو لیتا ہی | دماغ عالم بالا پہ ہی چہپر کہٹ کا
ہوئی تہی وہ ابہی راضی خدا خدا کر کے | جہجہک کے ہٹ گئی اکبار جو سنا کہٹکا

ہٹی نہ معرکہ عشق سی قدم عاشق
ڈٹی رہو کہ اسی مین ہی نام جیوٹ کا

ساقی نہین دل اب متحمل درنگ کا
ہوجای دور جلد سراب فرنگ کا

عاشق ہون جیسے ایک بت سبز رنگ کا
رہتا ہی بدلی می کے مجھی شغل بنگ کا

جب دیکھیے تڑپے ہین کشتی ادہر ادہر
قاتل تری گلی ہی کہ میدان ہی جنگ کا

کیا گھٹ رہا ہی دم شب تاریک ہجر مین
ہی مجکو اپنی گھر پہ گمان گور تنگ کا

سرکاؤن کیا دہن گل رخسار یار سے
نشے چڑہا ہوا ہی می لالہ رنگ کا

کیون محتسب کو منع کرتا ہی ناصح شباب مین
پینی دہی می کہ ہی ابہی عالم امنگ کا

تہرا رہا ہون ابرو و مژگان یار سے
دل کو خدا بچای کہ سامان ہی جنگ کا

دی جان مین نی اک بت ہندو کی چاہ مین
میت کی غسل کی لیے پانی ہو گنگ کا

دل کیا بچی گا شعلۂ رخسار یار سے
لازم پڑا ہی شمع پہ جلنا پتنگ کا

آتا نہین قرار تیری بن کسی طرح
دشوار ہوگیا ہے مجھے سونا پلنگ کا

عاشق نہ کیون فراق مین رووین اشک خون
ہی دہیان یار کے لب یاقوت رنگ کا

پھر ہماری نالۂ دل کا اثر ہونی لگا
مہربان پھر ہمپہ وہ رشک قمر ہوتی لگا

اتحاد عاشق و معشوق کہتی ہین اسے
تپ چڑہی مجکو ادہر نہین گر ادہر چڑہنی لگا

مرگیا صدمی سی مین دل نی یہ کہا یا بچتا
باتون باتون مین جو کچھہ ذکر کمر ہونی لگا

وصل کی شب جب سنی مین نی مرغونکی صدا
شبہہ تیرا صاف ای مرغ سحر ہونی لگا

سنکے بیتابی تیری کچھہ کچھہ وہ گھبرانی لگا
رفتہ رفتہ نالۂ دل کا اثر ہونے لگا

کیا سبب لایا نہ ابتک جو مری خط کا جواب
کیون دلا کیا ذبح مرغ نامہ بر ہوتی لگا

پہنچی گی دیکھنی والونمین تلوار اندنون
سرمہ پہر ادس چشم کو مد نظر ہونی لگا

یاد آیا مصحف رخسار جانان جب کبھی
غم ہوا در پیش دل زیر و زبر ہونی لگا

روز جاتا ہی میرا دل اوڑکی بزم یار مین
پر نہین لیکن پرستانمین گذر ہونی لگا

زلف و رخ کی یاد سی اکدم نہین فرصت مجھے
درد سر گر تھم گیا درد جگر ہونے لگا

اپنی کشتونکا جو خون وہ دیر تک دیکھا کیے
سرخ رنگت ہوگئی دوران سر ہونی لگا

وصل کی شب اپنی سو ہنہ کا جب دیا بوسہ اگال
میری حق مین مرہم زخم جگر ہوتے لگا

آمد فصل بہاری ہی پلا ساقی شراب
خوف عصیان سی پہر اب مین بخطر ہونی لگا

دو ہی فقرو مین اسی شاعر کیا کرتی ہین ختم
قصۂ زلف مطول مختصر ہونی لگا

غنچۂ ابرو کو جنبش دی مکرر یار نے
حکم پر پہر حکم میری قتل پر ہونی لگا

لائی پیغام اجل عاشق میری موی سفید
حیف ہی کیا جلد سامان سفر ہونی لگا

شب فراق کی صدمی اوٹھائی گا پہر گیا
کسی پہ ای دل ناداں تو آئیگا پہر گیا

خیال ابروی خونریز لائی گا پہر گیا
یہ دل آ ولی ہوئی تلوار کھائی گا پہر گیا

کیا زبان سی پہر انکار بوسۂ لب لعل
لہو کی اشک ستمگر رلای گا پہر گیا

یہی جو روز کا ایدل تیرا اولجھنا ہی
کسیکی زلف مین مجکو پھنسای گا پہر گیا

بٹھا کی پاس رقیبون کو اب یہ شعلہ حسین
برنگ شمع مرا دل جلای گا پہر گیا

دلا یہ ہستی موہوم ہی غنیمت ہی
گیا جو یہان سی عدم کو وہ آئیگا پہر گیا

حصول کیا تجھے گردون مری مٹانی سے
بگاڑ کر مجھے ظالم بنائی گا پہر گیا

خیال بوسۂ چاہ ذقن ہی پہر تجکو
مجھے کنوئین مین تو ایدل گرائیگا پہر گیا

ادھیل رہا ہی مری عاشقانہ شعرون سی
یہ شیخ میکدہ اب حال لائی گا پہر گیا

ابھی سی ایدل ناداں جو ہی یہ بیتابی
شب وصال کی لذت اوٹھائی گا پہر گیا

دکھائی نزع مین جسنی نہ شکل ای عاشق
وہ بیوفا مری تربت پہ آئی گا پہر گیا

نہ مہربان کبھی ہمسے وہ خود پسند ہوا
ہزار مرتبہ دست دعا بلند ہوا

خیال زلف مین دل اور دردمند ہوا — اسیر سلسلۂ عنبرین کمند ہوا
برابری نہ ہوئی حسن مین اوسی تم سے — ہزار سرو گلستان کا قد بلند ہوا
مریض عشق تھا گھل گھل کی گیا آخر — نہ مجھے علاج اطبا نہ سودمند ہوا
گذر گیا دل گردون سی بھی وہ اکدم مین — شب فراق جو نالہ مرا بلند ہوا
تمہاری عارض انور پہ کب ہی ماہ کو فوق — وہ پست ہوگیا یہ حسن مین بلند ہوا
قبای گل کی طرح ہی سرا کفن رنگین — نہ خون زخم جگر قبر مین بھی بند ہوا
حیا سی یار نے مونہہ کو چھپا لیا اپنی — کشادہ وصل کی شب جب قبا کا بند ہوا
ہزار بار خریدار نے مجھے پھیرا — وہ جنس ہون نہ کسیکو کبھی پسند ہوا
کسی نے بھول کی میری نہ حال پرسی کے — اسی ملال مین ہجیان مین دردمند ہوا
اوٹھا یار قفس مین جب ہاتھہ اوس جفا جو نی — مجھے یقین ہوا دست قضا بلند ہوا

غزل کو سن کی میری یار نی کہا عاشق
ترا کلام بھی اب قابل پسند ہوا

دم تن سی روز فرقت جانان نکل گیا — تھا مدتون سی دل مین جو ارمان نکل گیا
پہلو کو چیر کر دل نالان نکل گیا — دیوانہ آج توڑ کے زندان نکل گیا
وحشت مین گھر سی بی سر و سامان نکل گیا — مین سوے دشت چاک گریبان نکل گیا
آیا کسی کے ناوک مژگان کا پھر خیال — پھر آج دلکو توڑ کی پیکان نکل گیا
مثل چنار جل گئی دشت جنون کی نخل — مونہہ سے مری جو نالہ سوزان نکل گیا
مہکی جو اوسکی گیسوی عنبر فشان کی بو — نافی سی مشک ہو کی پشیمان نکل گیا
نبتی ہی خط چمکنی لگے آینہ سی گال — گویا کسوف سی مہ تابان نکل گیا
دیوار و در بسی ہی خوشبو سے مدتون — یہان جبس گلی ہی وہ گل خندان نکل گیا
پہنچا نہ اوس پری کی ہوا تک کوئی — دو دش صبا پہ تخت سلیمان نکل گیا

کی ہمسری جو گیسوی خمدار یار سے
دل تیرا آج سنبل پیچان نکل گیا

پانی رہا نہ چاہ زنخدان سے دل نے آج
دیکھو کنوئیں سے یوسف کنعان نکل گیا

کیسی ہوا یہ آئی الٰہی کہ باغ سے
مجمع گلون کا ہو کے پریشان نکل گیا

رہنے دیا نہ شہر مین لیلی کی عشق نے
مجنون تڑپ کی سوی بیابان نکل گیا

عاشق یہ کسنے مصرعۂ رنگین کیا ہی نظم
دامان سرو گل کا گریبان نکل گیا

پوچھتے ہو حال کیا مجھ عاشق جانباز کا
ہی مناسب دل مین پوشیدہ ہی کہنا راز کا

عشق طفلی سے ہی کانو نکو تری آواز کا
دیکھیے انجام کیا ہوتا ہی اس آغاز کا

ایک عالم کو کیا کشتہ نگاہ ناز کا
چوکتا ہی کب نشانہ تیر بے آواز کا

صید ہی ہر مرغ دل چشم بت طناز کا
پنجۂ مژگان نہین چنگل یہ ہی شہباز کا

دیکھ لے انداز جب تیری خرام ناز کا
ہوش کیا طاؤس گلشن کو رہی پرواز کا

بلبل دل جا ہی کیا گلزار کوی یار مین
بند ہی باب قفس یارا نہین پرواز کا

بی سبب مجھسے نہین آزردہ وہ نازک مزاج
کوئی فقرہ چل گیا شاید کسی غماز کا

کون تیری ابروی خمدار کا عاشق نہین
زخم ہی ہر دل مین اس شمشیر خانہ ساز کا

تجھسے بہتر کون ہی کسکو مین چاہون اے صنم
کوئی معشوق اس ادا کا ہی نہ اس انداز کا

مین ترا عاشق ہون ای صیاد جاؤنگا کہان
خواب مین بھی اب خیال آتا نہین پرواز کا

تیری گانی ہی جلی زہرہ نکیو نکر ای پری
آسمان تک سر کھنچا ہی شعلۂ آواز کا

مردی جی اوٹھتے ہین جنبش سی لب جان بخش کی
کام جادو سی لیا کرتی ہو تم اعجاز کا

جس کمان ابرو کو عاشق سب نہین صیاد خلق
کھینچئے دل کو نشانہ ایسے تیر انداز کا

مدتون تک یہ مزاج یار کا عالم رہا
ایک بوسے پر مہینون مجھسے وہ برہم رہا

کیا لکھوں جو لطف اوسی رات کو باہم رہا
صبح تک ہر بات پر اک وجد کا عالم رہا

زندگی بھر دل کو عشق گیسوی پرخم رہا
حال مرنی پر بھی اپنا درہم و برہم رہا

ہوں وہ دیوانہ کہ پریاں وینی مجکو ہر گھڑی
خانۂ زنجیر مین برسوں میرا ماتم رہا

شکر کر اے دل کہ آتی ہی شب عیش و طرب
دن فراق یار مہوش کا بہت اب کم رہا

آنکھ اوٹھا کر تمنی دیکھا بھی نہ اوسکو بائے مین
دیر تک شمشاد مجریکو تمہاری خم رہا

ایک عالم پر نہ دیکھا بے ہنسی باغ دہر کو
شادی و غم کا مرقع یہان سدا توام رہا

خیر جو کرتی ہین بعد مرگ بھی زندہ ہین وہ
حشر تک دنیا مین نام نامی حاتم رہا

آؤ لگ جاؤ گلی سی ختم ہی صلت کی رات
صبح فرقت کا مری جان اب تو عرصہ کم رہا

عشق مین اوس دوست کی کس دن نہیں حاصل خوشی
شادمان دشمن رہے مین مبتلای غم رہا

تم تو وعدی پر نہ آئی یہان تڑپ کر صبح سے
رات بھر صدمے سی آنکھوں مین ہماری دم رہا

عشقبازی ہی نہ ہم باز آئی عاشق عمر بھر
دم بہار الفت کا جب تک اپنی دم مین دم رہا

ساقی سحر ہی دی مجھی ساغر شراب کا
منہہ دیکھتی ہین صبح کو سب آفتاب کا

ہستی مین حوصلہ ہی یہ مجھہ دل کباب کا
پی جاؤں گر ملے کہین دریا شراب کا

رخ سے اوٹھا ہے یار جو گوشہ نقاب کا
ہو جائے رنگ زرد گل آفتاب کا

فرقت مین ہی خیال رخ بی نقاب کا
آنا محال ہی مری آنکھوں مین خواب کا

شبنم نے بھر دیا جو کٹورہ گلاب کا
دہیان آگیا دہن سے مجھے جام شراب کا

کس طرح میکشی مین کروں ترک ناصحا
مستی کی دن ہین اب ہی عالم شباب کا

اوس شعلہ رو کی عشق مین یوں جل رہا ہی دل
جیسے جگر ہو آگ پہ بریان کباب کا

تازہ ہی روح عارض خوشبوی یار سے
گویا کہ پھول سونگھہ رہا ہوں گلاب کا

صورت نبی کی اب جوانی کی جیتی جی
پیری مین بند و بست عبث ہی خضاب کا

شب بھر رہی ہی دلکو پری اونکی نمکی یاد
دیکھونگا اب نہ صبح کو مونہہ آفتاب کا

پردی مین گو ہی یار مگر حسن ہی نمود
چہرہ چھپا سکا ہی کوئی آفتاب کا

دریا سی غسل کر کی جو نکلا وہ بحر حسن
دل پانی ہو کی بہہ گیا اک حباب کا

الفت مین کھوئی جان بھی بدنام بھی کیا
یارب برا ہو اس دل خانہ خراب کا

منہ میتی وصل مین بھی دوپٹہ ہٹا کے
ہی اوس پری پہ خاتمہ شرم و حجاب کا

ہی رشک آفتاب فلک گر وہ شہسوار
غیرت وہ ہلال ہی حلقہ رکاب کا

کھینچی جو مین نے آہ شرربار رات کو
دھوکا ہوا ہر ایک کو تیر شہاب کا

کیچھونگا تیری چہرۂ روشن کی مین شبیہ
منگواوی آسمان سے ورق آفتاب کا

عاشق نیری غزل پہ کہی کیا کوئی غزل
دی کیا جواب اس سخن لاجواب کا

اب مجھسی تیری بزم مین ٹھہرا نہین جاتا
اغیار کو ان آنکھونسی دیکھا نہین جاتا

درد جگر ای رشک مسیحا نہین جاتا
آ جلد کہ اب روح کو روکا نہین جاتا

اس باغ مین سب ہو رد آفات خزان مین
گل کونسا کھلتا ہی جو مرجھا نہین جاتا

خاموش ہون محفل مین تری صورت تصویر
باتین ہین بہت دل مین پہ بولا نہین جاتا

آتا ہی لب سینہ ادہسی وہان آتش گل سے
اب غمین ہی وہ گل رعنا نہین جاتا

گستاخ ہون ساقی سے بہار آئی ہی جیسی
ہر دم مئی گلگون کا تقاضا نہین جاتا

ناچاری سی ٹھہرا ہون تیری در پہ کردن کٹا
مجبور ہون بہلانسے دل شیدا نہین جاتا

درد و غم و اندوہ و الم ساتھ ہین میری
مین گوشۂ تربت مین اکیلا نہین جاتا

گلشن کو اوڑا جاتا ہی بلبل کا کلیجہ
ہر حیف قفس توڑ کے نکلا نہین جاتا

ٹھہری نظر ای رشک پری کیا تیری رخ پر
خورشید کو دم بھر کبھی دیکھا نہین جاتا

سیماب ہون ہاتھون سی مین اوس رشک قمر کے
کسی درد وہ آ کر نہ مجھے تڑپا نہین جاتا

ہونگے یونہیں شہر کی گلیون مین رہین گے
جبتک ترا وحشی سوی صحرا نہین جاتا

اب جاؤن کہان اوس سے جدا ہو کے مین عاشق
دل جسنی چھوڑا یا اوسی چھوڑا نہین جاتا

سونگھی جو تیری زلف تو عنبر نہ نکالا
نافہ سے کبھی مشک کو باہر نہ نکالا

وحشت مین نکالی نہ کبھی پاؤن سی زنجیر
گردن سی کبھی طوق کا لنگر نہ نکالا

خاموش رہا انجمنِ یار مین آ کر
کچھہ حوصلہ بیان ای دل مضطر نہ نکالا

تنکے ہی چنے ہمنے سدا دشت جنونکی
کانٹونکو کبھی پاؤن سے جھک کر نہ نکالا

دیوار سے ٹکرایا بہت ہمنی سر اپنا
در سی قدم اوس شوخ نی باہر نہ نکالا

سویا نہ کبھی ساتھہ نہ بوسی دئے لب تونے
ارمان کوئی عاشق کا ستمگر نہ نکالا

دیکھا رخِ قاتل تو یہ حیرت ہوی مجکو
کچھہ حرف زبان سی تہِ خنجر نہ نکالا

تا زیست ہی حلقۂ گیسو مین گرفتار
تقدیر نے اس دام سے باہر نہ نکالا

سودائی اگر ہم ہین تو پھر کچھہ نکیا کام
بل تیرا جو ای زلف معنبر نہ نکالا

گلرنگ رہی پشتِ قدم کیون نہ جنون مین
کس خار بیابان نی ادہر سر نہ نکالا

عاشق کو خموشی رہی اربابِ سخن مین
مضمون جو کوئی بہتر و خوشتر نہ نکالا

بہار آئی خیال آیا مجھی پھر گلشن جمالون کا
لگی پھر آگ سینی مین ہوا پھر شوق نالونکا

قلق سی دم ہی یہان اولجھا ہوا آشفتہ حالونکا
ادہر پھندا پڑا ہی پاؤن مین زلفونکی بالونکا

گلستان مین شگفتہ کیون نہو دل خوش جمالونکا
خوش آتا ہی قدم پر سر جھکا دینا نہالونکا

بجا ہی گر پریشان حال ہو دل دینی والونکا
کمر بل کھا گئی وہان کھل پڑا جوڑا جو بالونکا

طبیعت رات بھر اس فکر مین اولجھی ہی لیکن
بلا مضمون نہ بل کھای ہوئی زلفونکی بالونکا

تمہاری ابرونکا حسن خم ہو ہو کی تکتا ہی
تعجب کیا جو عاشق ہو مہ نوانِ ہلالون کا

قیامت ہی ستم ہی وصل مین ہردم وہ ملجانا
کبھی ہونٹو لنسے ہونٹونکا نبگا لونسی گالونکا

تیرا مجنون ادہی جانب تڑپتا ہوگا ای لیلی
یہ غل زنجیر کا جس دشت مین ہی شور نالونکا

شمیم عنبر و مشک ختن ہونٹونسی آئی ہی
لیا ہی مین نے جب بوسہ تمہاری نکہ جا کونکا

تیرا بوٹا سا قد جسدم چمن مین یاد آتا ہے
مین آب اشک سی پانی بڑہا دیتا ہون نہالونکا

میرا دامن معطر ہو پسینا تم اگر پونچھو
عرق سمجھو نہ اس کو عطر ہی یہ گل سی گالونکا

دہان یار کی تشبیہ مین ذہن اپنا قاصر ہے
یہ مضمون ڈہونڈہ لینا کام ہی نازک خیالونکا

کہان آتے کہان مسکن کیا مطلق نہین کہلتا
پتا یہان کس سی پوچہین ہم عدم کے جانیوالونکا

کسی کی گردش چشم سیہ پر دل مجنون ہے
جنونمین ڈہونڈہتا پہرتا ہون مین جنگل غزالونکا

عجب اسکا ہی کیا گر جان دی صحرا مین مجنون نے
بیابان مرگ ہونا کام ہی آشفتہ حالونکا

جدہر جاتے ہو تم دل عاشقونکی چہین لیتی ہو
تمہاری چال مین انداز ہی جو سرکی چالونکا

گران ہی گوش گل نا حق چمن مین غل مچاتی ہی
نہین یہان سننی والا کوی بلبل تیری نالونکا

جگر کی داغ سی ہر دم دہوان بیدہ اوٹہتا ہے
ہماری جان لیگا عشق گہونگہر والی بالونکا

دکہائین کسکو اپنی شعر گوئی کیا کرین عاشق
نہین ہی قدردان باقی کوئی اب ہی کمالون کا

لڑ گئی ہی نگہ اوس بیداد گر سی دیکہنا
جسکی عادت مین ہی غصہ کی نظر سی دیکہنا

قہر ہی آفت ہی چشم فتنہ گر سی دیکہنا
وہ پری کیا جانی الفت کی نظر سی دیکہنا

ہو جو منظور آپکو بہتر تمہر سے دیکہنا
دیکہنا جب آئینہ میری نظر سی دیکہنا

جان بلب ہون او نہین لاتا مری خط جواب
کیسے کرتا ہون مین شکوی نامہ بر سی دیکہنا

نام تک باقی نہ بلبل کا رکہا صیاد نے
کیا عداوت ہی اسی اک مشت پر سی دیکہنا

یاد مین موتی سی دانتونکی جو نکلی اشک چشم
ہین صفائی مین کہین بہتر گہر سی دیکہنا

میری دل سی کوئی پوچہی یار کا حسن و جمال
چاہیئے لیلی کو مجنون کی نظر سی دیکہنا

یاد ہی صبحِ شبِ وصل آپکا جانا اودھر
اور ادھر عاشق کا حسرت کی نظر سی دیکھنا

کھب گئی دل مین میری بانکی ادا اوس شوخ کی
نیچہ کسطرح کھینچا ہی کمر سے دیکھنا

چشم دریا بار سی طوفان اوٹھی گا اشک کا
سامنا ہوئیگا جسدن ابر تر سی دیکھنا

جل رہا ہی یاد مین کس آتشین رخسار کی
آہ کی شعلے نکلتے ہین جگر سی دیکھنا

گر یہی شوقِ شہادت ہی تو اک دن ضرور
دو ملکر لپٹونگا قاتل کی کمر سے دیکھنا

نالۂ بلبل سی گلشن مین لگی سینہ پہ چوٹ
پھر لہو بہنی لگا زخمِ جگر سے دیکھنا

ہون بہت مضطر بلا لوگی نہ گھر مین گر مجھی
سر کو ٹکراؤن گا مین دیوار و در سی دیکھنا

وصل کی شب تک تو گذری خیر سی ابھی ہو
حال میرا آگی فرقت کی سحر سے دیکھنا

جا بجا راتو نکو پہر چھپ چھپ کی وہ جانی لگا
پھر بگڑ جائی گی اوس شک قمر سی دیکھنا

ہجر کی صدمے اوٹھاتا ہی مگر مرتا نہین
سخت جان ہوئیگا کوئی بہی لنتبر سی دیکھنا

خواب مین دیکھا ہی گر اونکو تو یہ تعبیر ہی
جلد آئین گی وہ ای عاشق سفر سی دیکھنا

ابروی خمدار پر تلوار کا دھوکا ہوا
ہر مژہ پر ناوکِ خونخوار کا دھوکا ہوا

روی رنگین پر گلِ بنجار کا دھوکا ہوا
سرو پر مجھکو قدِ دلدار کا دھوکا ہوا

دیکھہ کر اوس گل کی چشمِ مست سیر باغ مین
بلبلو نکو نرگسِ بیمار کا دھوکا ہوا

ابر برسا یاد آئی ہمکو اشکو نکی جھڑی
برق چمکی آہ آتش بار کا دھوکا ہوا

خواب سی اوٹھ کر جو دیکھا صبح مین نے آئینہ
صاف مجھکو یار کے رخسار کا دھوکا ہوا

برگِ گل پر نازنین لب کا ہوا مجھکو گمان
سنبل پیچان پہ زلفِ یار کا دھوکا ہوا

ہم نہ سمجھے نازِ معشوقانہ اوس محبوب کا
پردۂ اقرار مین انکار کا دھوکا ہوا

اسقدر گل کھائی پہلو نکی تیری ای گلبدن
کی نظر جسنے اوسی گلزار کا دھوکا ہوا

جبکہ عشق آنکھہ اوس طفل برہمن سی لڑی

رشتۂ جان پر مجھے زنار کا دھوکا ہوا

میرا دل اسطرح لی نام تیری آشنائی کا
تماشا دیکھتا ہون مین تیری قدرت نمائی کا
بہت تڑپا چکا ہی شل یا ہی غم جدائی کا
خیال آیا جوانی مین نہ انکی بیوفائی کا
تیری بام علی تک بھلا کیونکر ابشر پہونچی
بہت سجدی کئی جا جا کی منی دیر کعبہ مین
لکہا ہوی مژہ سی نام تیرا صفحۂ دل پر
دکہائی تو کہین صورت رہ تبہ ہم اسی اپنی مین
نہین ممکن نکلنا حلقہ گیسوی پیچان سی
سدا آنکھون پہ رکھکر پنجہ سر جانہین دیتا ہون
ملا کر خاک مین ہمکو نہ بیجا معذرت کیجیے

کہان مقدور اس کو زبان کو دربائی کا
خدا کی شان عوی ہی بتونکو بھی خدائی کا
کلیجا کانپتا ہی نام سنکر آشنائی کا
ہوا پیری مین صدمہ ہمکو دانتونکی جدائی کا
فرشتونکو نہ ہو مقدور جب ہاتنک رسائی کا
ارادہ آستانِ یار پر ہی جبہہ سائی کا
لیا ہی کام مین نے آنسوونسی روشنائی کا
اگر یہان نقد جان پر فیصلہ ہی رونمائی کا
ادسی ملتی ہی پہانسی نام جو لیوی رہائی کا
خیال آتا ہی جب ہی گل تری دست حنائی کا
مکدر جب ہوا دل فائدہ پہر کیا صفائی کا

جہکائی سر کو پیش یار کیون خاموش ہو عاشق
کہو اب کچھہ کہ ہی یہ وقت قسمت آزمائی کا

چہچہے کرتے ہین مرغان خوش الحان کیا کیا
جوش مین آئی ہین یہ دیدۂ گریان کیا کیا
دست وحشت نی کیئی چاک گریبان کیا کیا
خون رلاتا ہی خیالِ لب جانان کیا کیا
عشق گل مین کوئی بلبل جو فغان کرتی ہی
درد فرقت مین خبر بہی کسی تی پوچھی
شب مہتاب مین دیکھی جو چمک تارونکی

وجد مین لاتا ہی بلبل کو گلستان کیا کیا
مجھکو دکہلائی ہین ان چشمون نے طوفان کیا کیا
دہجیان ہوگیئی یہان دشت مین دامان کیا کیا
دیکھون جھکو ای کنوئین چاہ زنخدان کیا کیا
ڈہونڈہتا ہی تجھی میرا دل نالان کیا کیا
شل بیمار کراہا دل نالان کیا کیا
یاد آئی تری پیشانی کی افشان کیا کیا

آگئی یاد جو اک تیر کمان ابرو کے
دل مین کھٹکی ہین میرے ناوک مژگان کیا کیا

گل جو پیدا ہون زمین سے تو تعجب کیا ہے
خاک مین شاخ چمن ہوگئی پنہان کیا کیا

سوزش داغ جنون دشت مین کیونکر کم ہو
آگ بھڑکاتے ہین یہان غول بیابان کیا کیا

صبح تک جان بچی یا نہ بچے کیا معلوم
رنج دیگا مجھے طول شب ہجران کیا کیا

ہاتھ پورا کوئی پڑتا جو نہین ای قاتل
تیری تلوار پہ پھر زخم ہی خندان کیا کیا

خاک مین مل گئی یا رخ تیری ہاتون سے
دل غمگین مین بھری تھی میری ارمان کیا کیا

اک نظر مین نی اون آنکھون کو فقط دیکھا تھا
بیخطا مجھپہ چلی ناوک مژگان کیا کیا

بعد مردن بھی نہ بھولونگا وہ دیوانہ ہون
یاد آئیگا مجھے خانہ زندان کیا کیا

ہنس کے ہٹ جاتا ہی جھمکتا ہو نہین جب دم تیغ
ناز کرتا ہی وہ قاتل سر میدان کیا کیا

درد و غم حسرت واندوہ وخیال رخ یار
جمع ہین خانۂ دل مین میرے مہمان کیا کیا

شکل انسان کی نہ کوسون نظر آئی جنہین
ای جنون تو نی دکھائی ہین بیابان کیا کیا

فیض ہی باد بہاری کی جو ہر شاخ ہی سبز
لہلہاتے ہین نہالان گلستان کیا کیا

پھر دکھاتی کہین اللہ مجھی ای عاشق
یاد آتا ہی مزار شہ ذیشان کیا کیا

اگر وہ یار پھر و مہربان ہوتا تو کیا ہوتا
عدوی جان جو پھر سارا جہان ہوتا تو کیا ہوتا

سفر مین ساتھ وہ ای ہمرہان ہوتا تو کیا ہوتا
جو یوسف بھی شریک کاروان ہوتا تو کیا ہوتا

گلون کی بی ثباتی پر تو یہ عالم ہی ای بلبل
تجھے عشق بہار بیخزان ہوتا تو کیا ہوتا

خدا سی دادخواہی کو بتو یہ خون شہید نکلا
شفق بنکر جو گردون پر عیان ہوتا تو کیا ہوتا

ہوا کیا اس سے حاصل خاک کیون برباد کی تم نے
ہماری قبر کا ظاہر نشان ہوتا تو کیا ہوتا

گلی لاکھون کی کٹتے خون ہو جاتے ہزارونکے
عیان جو خون پاؤنکی رنگ پان ہوتا تو کیا ہوتا

یہ دل پتھر نہین جو سختیان سہتا جفاؤن کی
خدا جانی نہ مجھے عشق بتان ہوتا تو کیا ہوتا

رخ گلگون کو اوسکی دیکھ لیتی ہم پھر صورت
اگر وہ سات پردون مین نہان ہوتا تو کیا ہوتا

ہزارون نی تو اپنی جان دی ہی مدعی ہو کے
عیان اوسکا اگر ہوتی میان ہوتا تو کیا ہوتا

ہماری سینون پر رشک کرتا ہی ضعیفی مین
جو ای پیر مغان تو بھی جوان ہوتا تو کیا ہوتا

کوئی دم دیکھتی ہم بھی سمان فصل بہار کا
جو آزردہ نہ تو ای باغبان ہوتا تو کیا ہوتا

چمن مین غنچہ و گل تنگ ہین بلبل کی نالو سے
جو میرا دل ہی صرف فغان ہوتا تو کیا ہوتا

خفا ہوتا ہی وہ تو داغ دل کی ذکر کرنی سے
عیان ان گرم آہون کا دھوان ہوتا تو کیا ہوتا

تصور سی ہمارے دل کو چین آتا ہی ای عاشق
اگر پہلو مین وہ آرام جان ہوتا تو کیا ہوتا

کرتی ہی شاخ گل پہ فغان بار بار کیا
بلبل چمن سی جاتی ہی فصل بہار کیا

تکتی ہو ترچھی آنکھون سی تم بار بار کیا
دکھلا رہی ہو گردش لیل و نہار کیا

دیکھو چمن پہ داغون کی ہی یہان بہار کیا
گلزار کو بھی رشک ہی پھر لالہ زار کیا

تاثیر آب رکھتی ہی باد بہار کیا
دیکھو تو لہلہاتا ہی یہان سبزہ زار کیا

خورشید سی مناسبت روی یار کیا
سچ ہی بھلا مقابلۂ نور و نار کیا

مرتا ہون تجھکو جانیکی جلدی ہی یار کیا
اک دم ٹھہر کہ زیست کا ہی اعتبار کیا

دیکھون مین زخم کی بعد سوی لغیار کیا
بہتر بھلا حلب سے ہی شہر تتار کیا

محروم ہی رکھیگا ہمیشہ وہ یار کیا
دیگا کبھی نہ رخصت بوس و کنار کیا

بخشا نہ جائیگا کوئی تقصیروار کیا
سمجھے ہین ای کریم یہ پرہیزگار کیا

ترپیگا مثل ماہی بی اب رات دن
ٹھہریگا ہجر مین نہ دل بیقرار کیا

جو آیا پھر فاتحہ حیرت ہوئی اوسے
لوح طلسم ہی میرا سنگ مزار کیا

حاضر ہون شوق سی مجھی جلاد قتل کر
کھینچی ہی تیغ تیز تو ہی انتظار کیا

کیون مجھکو منع کرتا ہی اپنی خبر تو لی
ناصح ہی میرے دل پہ تجھی اختیار کیا

جب تک نہ ہمکنار ہوا آکر وہ رشک گل
دکھلائین گی بہار یہ پہولونکی ہار کیا

رخسار آتشین پہ طپیدہ ہو کیون نہ دل
سیماب کو ہوا آگ کی اوپر قرار کیا

نرگس کو ایک دن تو دکہا دیجی چشم مست
رکھے گا اب یوہین اوسی امیدوار کیا

کیون نقد دل نہ ای شہ خوبان فدا کرون
ہی پاس مجہہ فقیر کے پہر نثار کیا

دہویا جو اپنی زلف کو اوس بحر حسن نے
دریا کی موج ہوگئی ہی پیچدار کیا

افسوس ہی چلی مئی گلگون نہ باغ مین
برسا ہی جہوم جہوم کے ابر بہار کیا

ہی مدتو لئے مجکو تپ ہجر ای طبیب
سمجہا ہوا ہی تو اسی فصلی بخار کیا

تیر نگاہ ناز کا ہی صید مرغ دل
ای ترک اور سکے گا یہ زخمی شکار کیا

اس حسن عارضی پہ عبث ہی تمہین غرور
ناپائیدار چیز کا ہی اعتبار کیا

گریان نہین کوئی میری غم مین تو غم نہین
بالین پہ کم ہی رونی کو شمع مزار کیا

کہینچی ہی تیغ میان ہی تو وار ہی چلے
قاتل مجہی ڈراتا ہی تو بار بار کیا

تم دو قدم نہ ساتہ جنازی کی چل سکے
مہندی لگی تہی پاؤن مین ای گلعذار کیا

جو ہو سو ہو یہ کلمۂ حق ہی کہون گا مین
منصور کی طرح ہی مجہی خوف دار کیا

آئی نہ عندلیب قفس تک ہزار حیف
گلشن مین سو گئی ہی نسیم بہار کیا

پوچہی گا کون معرکۂ حشر مین مجہے
روز حساب ہوئیگا اپنا شمار کیا

طاؤس و کبک جہومتی پہرتی ہین باغ مین
مستانہ چل رہی ہی نسیم بہار کیا

گم ہوگئی قفس مین جو بلبل کی بیکلی
گل کی مفارقت کا مٹا خار خار کیا

لکہتا ہی وصف سبزۂ رخسار نازنین
اوکلک کا زہی خامۂ جادو نگار کیا

آیا جو سیر باغ کو وہ نونہال حسن
جہومی ہین وجد مین شجر میوہ دار کیا

دم گھٹ گیا جو وادی وحشت مین کیا سبب
پہندا ہوا گلی مین گریبان کا تار کیا

ہان اب جو بوسی دیجئے وہ گنتے جائیے
پہلی جو ہمنی لی لئی اونکا شمار کیا

نیند اوسی بیکو انکی صدا سنکے آ گئے
مطرب جو پڑہی ہین سازنہ یہ سنو بیتا کیا

عاشق ابہی ہی تمکو جنونکا ہی ورشور
آگے دکہائی دیکہیے فصل بہار کیا

ہو سکا دو دن نہ راز عشق اخفا کہل گیا
اس دل ناداں کی ہاتہوں حال سارا کہل گیا

آج تو شرم وحیا کا اونکی پردا کہل گیا
ہٹ گیا آنچل ہوا سی صاف سینہ کہل گیا

اس طرح رکہتا ہی نیرنگی مزاج یار بہی
جسطرح ابر بہاری آکی برسا کہل گیا

خواب تہا سامان عشرت اور دنیا خاک تہی
بعد مرنیکے یہ ہمپر حال سارا کہل گیا

چہپ گیا شرما کی شب کو ماہتاب آسمان
اونکا سونی مین دوپٹہ سی جو چہرا کہل گیا

نورتن باندہی جو اوس رشک قمر نی رات کو
ہم پہ ان ساتوں ستارونکا بہی عقدا کہل گیا

ہاتہ بہی ہمپر اوٹہا تو نہین کچہہ بستی دور
گالیاں تو دیتی دیتی منہ تہارا کہل گیا

ہو جسی شوق شہادت جای منزل کو وہ
کوی قاتل کا سنا ہی ابتو رستا کہل گیا

خوف تہا جنکا ہوا آخر کو اونپر منکشف
راز دل ہمنی بہت اپنا چہپایا کہل گیا

بوی عنبر کی حقیقت کیا ہی اونکی سامنے
جب گرہ گیسو کی کہولی مشک نافا کہل گیا

یار نی زنجیر آہنگر سی کیوں منگوائی ہی
کیا اسیر صحرا نوردی کا ارادا کہل گیا

کر چکا ابتو نشانہ تیر مژگان کا مجھے
او کمان ابرو تیری ہمت کا چلا کہل گیا

منہ چہپانی کی ادا دیکہو گیا جب مین وہان
در پہ چلمن کہل گئی چلمن پہ پردا کہل گیا

بس گیا سارا مکان آئی شمیم عنبرین
کیا بلا خوشبو ہی کس کافر کا جوڑا کہلگیا

دشمن جان وہ ہمارا ہو گیا چاہا جسی
دل لگانی کا ابہی عاشق نتیجا کہل گیا

لیلی زلف کا مجکو جو نہ سودا ہوتا
یوں نہ مجنونکی طرح خلق مین رسوا ہوتا

زلف شبگون کا اگر مجہکو نہ سودا ہوتا
شانہ کیطرح نہ صد چاک دل اپنا ہوتا

تیر النقشہ کبہی مانی نی جو کہینچا ہوتا — صورت آئینہ بہزاد کو سکتا ہوتا
اوس پہ یکا جو نہ دیوانہ و شیدا ہوتا — تا پرستان نہ ہیری عشق کا چرچا ہوتا
دل نہ گر شیفتہ زلف چلیپا ہوتا — پہر پہ رسوائی نہ ہوتی نہ یہ سودا ہوتا
بوسہ لب پہ نظر بند یہ شیدا ہوتا — کہل کے کچہہ ہی کہئے کہ اوسکے سوا کیا ہوتا
جلوہ یار نظر بہر کے جو دیکہا ہوتا — حال کیا آپ کا ای حضرت موسی ہوتا
کشتہ زلف کا تابوت جو نکلا ہوتا — گرد سر کہولی پری اونکا حلقہ ہوتا
وصل کو اوس بت کافر کی جو ترسا ہوتا — پہر خدا جانی کہ احوال میرا کیا ہوتا
دور اوسکی رخ روشن سی جو پردا ہوتا — شب ہجر پہ بہی صبح کا دہوکا ہوتا
مر گیا مجہیہ اوہنون نی جو یہ سمجہا ہوتا — دوش پر اونکی مرا آج جنازا ہوتا
نامہ واپس کیا اچہا کیا پر قاصد سے — کسکا لایا ہی یہ خط نام تو پوچہا ہوتا
جلتے عاشق جانباز مسیحا تجکو — کوئی بیمار محبت اگر اچہا ہوتا
جان جان ہوتی جبہی قدر سری الفت کے — آپنے بہی جو کسی کو کبہی چاہا ہوتا
صمیہ کہتا اسی ہر طرح مین وہ شاعر ہون — کمر یار کا مضمون بہی جو عنقا ہوتا
نہ ستاتی دل عشاق کو اسطرح کبہی — ای بت تمکو اگر خوف خدا کا ہوتا
اندنون حسن ہی جوبن پہ گلو نکا بلبل — تونی بہی چاک قفس سے کبہی جہانکا ہوتا
ساقیا می کی پلانیکا مزا تہا اوس وقت — یار بہی ابر بہی اور مینہہ بہی برستا ہوتا
عشق ابرو کا مناسب ہے سپاہی کی لئے — کٹتے تلوار کا اکثر ہی بہروسا ہوتا
کشتہ نرگس جادو یہ نظر کی سب لئے — آنکہ اوٹہا کر اوسی تمنی بہی تو دیکہا ہوتا
نہین معلوم کہ کل کون جئے کون مرے — حشر پہ وعدہ دیدار نہ رکہا ہوتا
دیکہتا مجہکو نہ زندہ کبہی ای رشک مسیح — اور اک دم تیری آنی مین جو عرصا ہوتا
گالیان کاہی کو ہر بات پہ دیتی تم اگر — بی زبان عاشق ناکام نہ مہبا ہوتا

ساتھ کچھ زور جوانی کی نہ پیری میں دیا
وقت بد میں ہی بھلا کون کسی کا ہوتا

مے کشی کا میری وہ سوقت مزا تھا ساقی
مے گلگون کا جو بہتا ہوا دریا ہوتا

ضعف کی ہاتھ گریبان تک آنی نہ دیا
ورنہ پھر دیکھتے جو کچھ کہ تماشا ہوتا

دفن ہوتا تیری کوچہ میں جو میں ای قاتل
ہی یقین روز میری قبر پہ میلا ہوتا

کرتی انکار نہ یون وصل کا اقرار کی بعد
آپکی ہاتھ میں گر قول کا جھیلا ہوتا

زردی رخ سی عیان صاف ہین آثار جنون
راز الفت بھی ہی عاشق کہین اخفا ہوتا

بہار گل مین نہ دوڑون پر جنون ہلی ہین سر میرا
گریبان چاک کر دامن تک ابھی ہوس میرا

نہین تیری سوا صیاد کوئی دادرس میرا
خدا کیواسطے لیچل سوی گلشن قفس میرا

خموش ای بلبل نالان نہین کچھ اپنی بس میرا
یہ اپنی اپنی قسمت ہے چمن تیرا قفس میرا

روان ہی کاروان اشک آنکھون سی بہت تیزی
برای ہمرہان نالان ہی دل مثل جرس میرا

چمن مین پیش ازین بستر تھا برگ لالہ و گل کا
پر اب کنج قفس مین ہی بچھونا خار و خس میرا

ابھی صیاد تجکو محو کر دون اپنی نغمون سی
جو تو اکدم کو شاخ گل مین لٹکا دی قفس میرا

لبون پر دم اگر آیا ہی فرقت مین تو آنیدو
جلا دی گا مجھے وہ دلبر عیسی نفس میرا

صبا لی آئی مجھ تک نکہت گل مین تو بلبل ہون
پس صد پردہ گر صیاد لٹکا دی قفس میرا

یونہین لپٹی رہو سینی سی سینی کو نہ سرکاؤ
قلق سے ٹوٹ جائیگا ابھی تار نفس میرا

نثار اس حسیت محرم کی فدا اس گاتکی عاشق
بلائین رات دن لیتا جو ہوتا دسترس میرا

ردیف بای منقوطه

دیکھی اگر وہ عارض پر نور آفتاب
جلوی پہ اپنی پھر نہو مغرور آفتاب

کسطرح دیکھے وہ رخ پر نور آفتاب
کچھ بھی مناسبت ہی بھلا روی یار سے
پھر کسلئے ہین آکی پرستش کیا کرون
دنکو بھی حوصلہ نہ نکلنے کا کر سکے
دن رات مہوشون کی ہیری طرح تاک ہو
آتش ہو میری داغ جگر کی جو شعلہ ور
الفت ضرور اسکو کسی مہروش کی ہی
قربت ہماری داغ جگر سی بجا ہیئے
اک مہروش کی دید کا آنکھونکو شوق ہی

آنکھین نہین ہین اپنی ہی معذور آفتاب
ہوئی اگر ہی نام کو مشہور آفتاب
کچھ حسن مین پری ہی نہ کچھ حور آفتاب
دیکھی اگر ہیری شب دیجور آفتاب
پی لی اگر کبھی سے انگور آفتاب
مانگی سحر سی جسرخ پہ کافور آفتاب
اکثر رہا جو کرتا ہی رنجور آفتاب
بہتر اسی مین ہی کہ رہے دور آفتاب
تجھپر نظر مجھے نہین منظور آفتاب

عاشق جو شوق ہو تمہین شغل شراب کا
بنجای صاف دانہ انگور آفتاب

ہی فقط تجھ سے دلربا مطلب
جب مین کہتا ہون جان جاتی ہی
تن بتقدیر آگئی اسے قاصد
پوچھنے کی نہین ہی حاجت کچھ
یار ہو شغل می ہو سبزہ ہو
جان لینا ہی تمکو سے منظور
لکھ قلم اس طرح تو حال دل
اون بتون کی ہی آشنائی کیا
نامہ بر کو جواب صاف دیا
سچ تو یہ ہی کہ ان حسینون کا

اور ہمسکو کسی سی کیا مطلب
ہنسکے کہتے ہین ہمکو کیا مطلب
صاف صاف ابتو لکھدیا مطلب
تجھ پہ روشن ہی مہ لقا مطلب
اور اسکے سوا ہی کیا مطلب
یہ کہو ہم پہ اب کھلا مطلب
ہو نہ کانون سے آشنا مطلب
جبنسے ہوئی نہ کچھ روا مطلب
یار نے خط کا جب پڑھا مطلب
ظلم ہی مدعا جفا مطلب

رکھے کانون پہ ہاتھ اوس گل نے
وصل کا ہم سے جب سنا مطلب

ہمکو ہر طرح تم سے کہنا ہی تھا
ہو برا اس مین یا بھلا مطلب

جو کہ لکھنا تھا لکھ چکا اونکو
کچھ بھی باقی نہ اب رہا مطلب

ہو گیا صاف یار پر ظاہر
میری باطن مین جو کہ تھا مطلب

بد مزاجی سے یار جانی کے
مین نے در پردہ کچھ لکھا مطلب

لطف لب آج ہی اوٹھایا ہی
یون تو نکلا ہی بارہا مطلب

سن لو بس مختصر سے دو باتین
طول دینی سے ہمکو کیا مطلب

بوسۂ لعل لب سی مطلب ہی
اور مطلب سے مجکو کیا مطلب

بات ہی جو سنی نہ اے عاشق
سچ ہی نکلیگا اوس سی کیا مطلب

نقش حیرت ہو جو حسن کی یہ نہالی عندلیب
پھر نہ گلشن مین صدا منہہ سی نکالی عندلیب

سر میرا پھرتا ہی کیون کرتی ہی نالی عندلیب
کہہ دو گلچین سی زبان اپنی سنبھالی عندلیب

کوئی گل سنتا نہین یہان تیری نالی عندلیب
اس چمن سی آشیان اپنا اوٹھالی عندلیب

کو ادھی گل پیرہن کی مبتلای عشق ہی
پڑ گئی ہین جان کی کیون تجکو لالی عندلیب

روتی بیٹھون یاد مین اوس سرو قامت کی اگر
پھر وہان شکون ملی ہی اک دم ہی بتالی عندلیب

میری نالی بھی نہین کچھ کم تیری آواز سی
ہو نہ گر تجھکو یقین تو آزمالی عندلیب

سچ بتا کیا داغ دل بھڑکا ہی سینی مین تیرے
پڑ گئی ہین کیون زبان تیری پہ چھالی عندلیب

دیکھ پائی اک نظر ہی گر میری گلرو کی شکل
شرمگین ہو کر ابھی منہ کو چھپالی عندلیب

آب و دانہ ہی مقدر مین تیری صیاد کا
اور گلشن کی ہوا کچھ روز کھالی عندلیب

آمد فصل بہاری ہی جنون کا جوش ہی
اب نہین مجھ سی سنبھالا [illegible] سنبھالی عندلیب

باغ مین ہمدرد مجھسا ہاتھ آیا ہی کسی
کیون نہ پہلو مین [illegible] بٹھالی عندلیب

وجد ہی صیاد و گلچین کا تجہی منظور اگر
یہ غزل عاشق کی تو گلشن مین گا لی عندلیب

ساقیا کرتا ہون تجہسی عرضِ گستاخانہ اب
جہوم کر آئی گہٹا بہر دی میرا پیمانہ اب

جلوہ افگن ہی کئی دن سی جو وہ جانانہ اب
رشکِ خورشید درخشان ہی میرا کاشانہ اب

رند مشرب کب بہلا کرتی ہین خوفِ محتسب
آئی پہر فصلِ بہاری ہم ہین اور میخانہ اب

کہوٹی دامون بہی نہو گا آپکا گاہک کوئی
کسکو دکہلاتی ہو صاحب نازِ معشوقانہ اب

باریابی کچہہ نہین مشکل مکانِ یار مین
ہی بہت مجہسی سگِ دلدار سی یارانہ اب

تا نہ پہونچی کان تک آواز رونیکی میرے
اس لئی دیں گل نی کی تجویز تو تبخانہ اب

بال سلجہانی مین ہمیو جب الجہہ پڑتا ہی یہ
ہو گیا گستاخ زلفون سی تمہاری شانہ اب

ظلم کر صیاد جتنا چاہ میری حق مین تو
کیا کرین بس مین تیری لایا ہی آب و دانہ اب

بیوفائی کی ہوا ایسی چلی ہی آج کل
شمع کی نزدیک آتا ہی نہین پروانہ اب

بس بہت کی بت پرستی چل کی عاشق کچہہ دنون
کیجیے آباد کعبہ چہوڑ کے بتخانہ اب

یارب نصیب ہوگا مجہے وصلِ یار کب
نکلی گی دل سی حسرتِ بوس و کنار کب

اولجہی نہ گل کی فصل مین دامن سی خار کب
وحشت مین پیرہن نہوا تار تار کب

جلوی سدا دکہاتا ہی حسنِ نگار کب
رہتی ہی ایک رنگ یہ فصلِ بہار کب

رہتی ہو گہر مین ہی یہ مجہی اعتبار کب
مبتلا و آ گی ہوتی تہی ایسی نکہار کب

دیکہین گی ہم بہی تیغ صفاہان کہچی ہوے
آنکہوں مین دو گی سرمہ دنبالہ دار کب

ہم لوگ باندہ لیتی ہین مضمون چشمِ یار
شیر و نسی چہوٹتا ہی ہرن کا شکار کب

زنجیرِ موجِ نکہتِ گل مین رہی اسیر
آئی قفس تلک میری بادِ بہار کب

آیا مسافر آج تو کل کوچ کر گیا
یہ ایرمان سرا ہی مقامِ قرار کب

ناصح نہ کوی یار مین جانیکو منع کر — ہی اپنی دل پہ آہ مجھی اختیار کب
انگیا پہنا کی لیجی بلائین ہوس یہی — نخل قد اونکا دیکھئے لاتا ہی بار کب
وعدہ تو ہی پہ ہم یوہین تڑپینگے رات بہر — آنیکی مہلت آپکو دیگا سنگار کب
ای جانِ زار دل تو فدا اوسی ہوچکا — اب تو بتا کہ یار پہ ہوگی نثار کب
انسان کی حق مین قہر ہی کیفِ شرابِ عشق — بی موت آئی جاتا ہی اسکا خمار کب
دشمن سی بہی جہان مین دل اپنا صفا رہا — دیکھا اس آئینہ پہ کسی نی غبار کب
بارش ہی اشک خونکی ان آنکھونسی جسطرح — اس رنگ سے برستا ہی ابر بہار کب
مانگی ہی پالکی ادہر آنی کو شام سے — کوئی خبر تو لائی کہ ہونگی سوار کب
وحشت مین دام کٹ بنی پیرہن کی تار — کہیلا نہ ہمنی مرغ جنون کا شکار کب
جای جدہر وہ یہ بہی اودہر ساتھ ساتھ ہی — ٹہرا ہی ایک جا پہ ہمارا غبار کب
خوبانِ دہر صید کرین مجکو کیا مجال — اور ونکی ہاتھہ آتا ہی تیر اشکار کب
اوس رشکِ آفتاب کی مین تک رہا ہون راہ — دیکھون دکھیا ہی صبح شبِ انتظار کب

عاشق زبانکو لطف خموشی سی کام ہے
عنترہ ہو شعر پر یہی اپنا شعار کب

اچھا ہوا جو روٹھ گئی بیقصور آپ — ہم بہی اب ملین گی پری ہون حور آپ
رخ سی نقاب اولٹ کی جو نکلی حضور آپ — کیا گل کرینگے روشنی شمع طور آپ
کیا کیا چمک چمک کے نکلتا ہی آفتاب — اک دن دکھائی اسی چہرہ کا نور آپ
کیا دخل ہی جو منہہ سی محبت مین اف کرین — کیجے ہمارا شیشہء دل چور چور آپ
یکتا کیا ہی صانع قدرت نے آپکو — کیونکر نہ اپنی حسن کا کیجے غرور آپ
ناآشنا و پر فن و عیار و پر دغا — معلوم ہی ہمین کہ ہین جیسے حضور آپ
ایکبار بیٹھی بیٹھی یہ کیا جی مین آگیا — صورت ہمین دکھا کی یہ چھپی کیون حضور آپ

وہ بات کیجی کہ خدا کو پسند ہو
اوسکو بُری لگی ہے نہ کیجی غرور آپ

زلفین وہ پھر بناتے ہین ہشیار ہوجیئے
دامِ بلا مین آئینگے عاشق ضرور آپ

عاشق بتاتی وہ عبادت کہان گئی
رہتے ہین ابتو نشۂ الفت مین چور آپ

شب کو آئیگا میری گھر وہ قمر آپ سے آپ
آہ عاشق کی دکھائیگی اثر آپ سے آپ

خفگی کا کوئی باعث نہین کھلتا ہمپر
منھ بنائی ہو تم ای شوخ قمر آپ سے آپ

اپنی نالونکی وہ تاثیر دکھاؤن تجھکو
تو بھی دوڑے کے آئی میری گھر آپ سے آپ

ایک ادنی یہ نزاکت ہی ترے گیسو کی
تین بل کھاتی ہی اوٹھتی ہین کمر آپ سے آپ

موسم گل کی ہوا باغ مین آئی شاید
اڑتی پھرتی ہین جو بلبل کی پر آپ سے آپ

لاش پر اپنی فدائی کے تم آئے کیونکر
ہوگئی کیا میری مرنیکی خبر آپ سی آپ

رات دن مجھکو نہین بھولتی صورت تیری
دھیان رہتا ہی یہی آٹھ پہر آپ سے آپ

ہمسری کی قد جانان سی تو پائی یہ سزا
گڑ گئی سرو چمن تا بہ کمر آپ سی آپ

بانکپن پر کئی روز دنسی کمر باندھی ہی
خود بخود ٹیڑھی ہو ترچھی ہی نظر آپ سی آپ

دل کو کیا شوق شہادت ہی کسی قاتل کیطرف
جی دھڑک جاتا ہو نہین سینہ سپر آپ سی آپ

سوز دل کا اگر ایسا ہی رہی گا عالم
خاک ہو جائیگا جل جل کے جگر آپ سی آپ

مین جو بجلی کی طرح تجھ سے لپٹ جاؤنگا
بھول جائیگی یہ سب پیچ کمر آپ سی آپ

کربلا جانی کا تم قصد کرو تو عاشق
دیکھو ہو جاتا ہی سامان سفر آپ سی آپ

ردیف تای فوقانی

آیا نہ وعدہ کرکے جو دلبر تمام رات
آنکھین لگی رہین طرف در تمام رات

بھولی نہ یاد ابروی کج لبسر تمام رات
خنجر سا چلا گیا میری دل پر تمام رات

آتا ہی یاد وہ رخ انور تمام رات
رہتا ہون مثل آئینہ ششدر تمام رات

کس جا رہا تو ای مہ انور تمام رات
ڈھونڈھا کیا تجھی دل مضطر تمام رات

سوتا نہین فراق مین دم بہر تمام رات
گنتا ہون تاری ای مہ انور تمام رات

غیرون نین خوش رہا وہ ستمگر تمام رات
گذری جو کچھ گذر گئی ہم پر تمام رات

چین آیا تم بغیر نہ دم بہر تمام رات
کاٹی ہی مین نے ہجر مین رو کر تمام رات

اوس بت کی انتظار مین ایسی اڑی ہی نیند
آنکھونکی ڈھیلے رہتی ہین پتھر تمام رات

لپٹی کبھی وہ اور کبھی بوسہ عطا کیا
کیا کیا رہین عنایتین ہم پر تمام رات

جبتک ستارہ سحری ہی لڑی نہ آنکھ
بھولا نہ تیری کان کا گوہر تمام رات

حسرت یہی ہی پری کہ لپٹ کر شب وصال
سونگھا کرون نین زلف معنبر تمام رات

اللہ ری بوی کاکل عنبر فشان یار
سارا مکان رہا ہی معطر تمام رات

نالان کبھی ہون اور کبھی گریان فراق مین
اوقات یون گذرتی ہی دن بہر تمام رات

جاتی نہین ہی گردش تقدیر کیا کرون
کرتا ہون کوی یار مین چکر تمام رات

ساقی نہ چاندنی مین ہو موقوف دور می
یون ہی کہی ہی یہ گردش ساغر تمام رات

عاشق یہ آرزو ہی رہی آج تک ہمین
سوئی کبھی نہ اوس سی لپٹ کر تمام رات

موت اوسکی ہی جو شخص ہی بیمار محبت
عیسی سی بھی جاتا نہین آزار محبت

برسون ہی پہرے ہم سر بازار محبت
کوئی نظر آیا نہ خریدار محبت

دل بیچے جاتے ہین خریدار محبت
ہی گرم تیری عہد مین بازار محبت

کیا منہہ جو کرون نین کبھی اظہار محبت
پنہان میرے سینہ مین ہین اسرار محبت

مجھسی ہمتین کیونکر نہ ہو انکار محبت
سچ ہی کہ نہین ہون مین سزاوار محبت

دشمن کو بھی یارب نہو آزار محبت
چھٹتا نہین تا زیست گرفتار محبت

مارا مجھی قاتل نے تو ہر سو یہ ہوا غل
لو قتل ہوا آج گنہگار محبت

وحشت ہو کہ سودا ہو وفا ترک نہو گی
ہون خادم دیرینۂ سرکار محبت

یہ پیرہن گرد نہین دشت جنون مین
تن پر ہی میرے خلعت سرکار محبت

معشوقون کو کیا کام بھلا مہر و وفا سے
نادان ہی جو اون سے ہو طلبگار محبت

آیا ہی نظر جب سے مجھے وہ بت ہندو
گردن مین پڑی ہی میری زنار محبت

تو مجھکو نہ چاہے یہ نہ مانونگا کبھی مین
اقرار ہی گویا ترا انکار محبت

یارب نہ خزان آئی کبھی باغ جہان مین
سرسبز ہمیشہ رہے گلزار محبت

کہتی ہین بناوٹ ہی یہ بندش ہی غلط ہی
جب سامنی پڑھتا ہون مین اشعار محبت

رخ زرد ہی تن زار ہی تر چشم ہی لب خشک
کیونکر نہ کہین سب مجھے بیمار محبت

ہمت نہ کبھی ہاریو عاشق یہ ہی یاد
ہی مرد وہی جس سے اوٹھے بار محبت

رات دن نالی جو کرتا ہون بیان کوی دوست
میری دشمن ہو گئی ہین ساکنان کوی دوست

ڈھونڈھتا ہون پر نہین ملتا مکان کوی دوست
خضر مل جائین تو مین پوچھون نشان کوی دوست

جوش وحشت مین جو وہان تک جا نکلتا ہون کبھی
شیر سی مجھپر جھپٹتی ہین سگان کوی دوست

پھر بیان کرنا تو میری سامنے لطف بہشت
پہلے واعظ مجھسے سن لے داستان کوی دوست

سرخ ہوتا دامن قاتل نہ خون سے اسلئے
عیب سمجھی ہین تڑپنا کشتگان کوی دوست

کہتی ہین کس سرزمین کو لوگ فردوس برین
آپ سے بھی پوچھتا قاصد نشان کوی دوست

شور محشر بھی ہو برپا تو نہ یہ بیدار ہون
کس مزی کی نیند مین ہین خفتگان کوی دوست

کب سمجھتی ہین کسی کی قدر اپنی سامنے
آسمان پر ہی دماغ ساکنان کوی دوست

ہی یقین سطح زمین کا ڈوب جاے آب مین
بیٹھکر روؤن جو زیر آسمان کوی دوست

حشر آیا آنکھہ کہولو دیکھہ لو دیدار یار
سو چکے اوٹھو بس اب ای خفتگان کوی دوست

روح کو راحت نہو کس طرح اسکی سیر سے
غیرت باغ ارم ہی بوستان کوی دوست

گر بتا پوچھے کوئی عاشق تو کہدینا یہی
ہی فقیر مست کا بستر میان کوی دوست

ای جنون کاہش جان اب ہی جفای غربت
قطع کر سلسلۂ موج ہوائی غربت

مدتون جاگی ہین دیکھی ہی جفای غربت
اب یہ حسرت ہی کہ تربت مین سلای غربت

ہوش اوڑی جاتی ہین کہا کہاکی ہوائی غربت
آدمی ہون کہین وحشی نہ بنائی غربت

ہاتہہ ملتا ہون وہ دیکھی ہی جفای غربت
پاؤن کاٹون جو میری سامنی آئی غربت

وسعت آباد وطن کی ہوس اب کیا ہو مجھے
لطف فردوس کہاتی ہی فضای غربت

کوہ و صحرا ہی کہلینگا مین مجنون کی طرح
سختیان مجھکو دکہائی تو دکہائی غربت

روکتی ہین نہ مجھے بیفائدہ یاران وطن
اور کیا ہی میری قسمت مین سوای غربت

دم نہ مارونگا کبھی لالہ صحرا کی طرح
جسقدر چاہی نہ مجھے داغ دکہائی غربت

چھوڑکر سیر گلستان وطن نکلا ہون
کیون میری راہ مین کانٹی نہ بچھائی غربت

دم کہان بیٹھہ کی لون جی ہی گھبراتا ہی
دل کو کھینچی لیئے جاتی ہی ہوای غربت

مین وہ مجنون ہون کہ ہرگز نہین گھبرانیکا
جنگلو نہین کہ پہاڑون مین پہرای غربت

سرد و گرم اسکا موافق ہی طبیعت سے میرے
معتدل ہی اثر آب و ہوای غربت

فصل گل آگئی پہر اب داغ جنون چمکا
آگ پہر میرے کلیجے مین لگائی غربت

کنج عزلت مین جو عنقا کی طرح بیٹھہ رہون
پہر یقین ہی کہ نہ مجھے منہہ نہ دکھائی غربت

جامہ گرد بہی ثابت نرہا اشکون سے
ہو گئی چاک میری تن پہ قبای غربت

سالہا سال سی گردش مین ہون عاشق لیکن
چرخ کہتا ہی کہ کھینچ اور جفای غربت

کسطرح نہ یاد آئی مجھی شام و سحر پیٹ
شب کو لب بام آکی وہ دکھلای اگر پیٹ

رہتا ہون سحر تک صفت آئینہ حیران
سیلی سیہ شام کی صورت ہی سراسر

بی لطف ہی گر فرق ہو ترکیب بدن مین
یکتا ہین نزاکت مین لطافت مین یہ دونون

تا صبح نہ بولا جو شب وصل صنم مین
ہی ضامن رزق ہر اک حال مین سبکا

ہرگز یہ اطاعت کبھی کرتا نہ کسی کے
رخ غیرت خورشید ہی اور رشک قمر پیٹ

آجای نظر دور سی مانند قمر پیٹ
آتا ہی شب وصل جو اوس بت کا نظر پیٹ

اور صاف ہی روشن ترا مانند سحر پیٹ
پھر حسن کمر بیچ تہا ہوتا نہ اگر پیٹ

رخسار دہن ہونٹھ گلا سینہ کمر پیٹ
بھر دونگا ترا موتیون سی مرغ سحر پیٹ

پتھر کی بھی کیڑی کو خدا دیتا ہی بھر پیٹ
مجبور ہر اس سی ہی کہ کہتا ہی بشر پیٹ

عاشق یہ لطافت یہ نزاکت نہین دیکھی
آئی ہین بہت یون تو حسینونکی نظر پیٹ

ردیف ثای مثلثہ

آنکھہ کیون پھیر لی ای رشک پری کیا باعث
دشمن جان ہی جو وہ رشک پری کیا باعث

کیا اوڑا لائی ہی جا کر یہ مری یار کی بو
کیون معطر ہی نسیم سحری کیا باعث

کسنی یا رب مئی غفلت سی کیا مست اوسی
کیون مری حال سی ہی بیخبری کیا باعث

صبح تبارہ گیا کیا سو چکی تو ای قاتل
تیغ گردن پہ جو تونی نہ دھری کیا باعث

ختم کیا آج ابہی ہوئی یہ شب وصل
بولتا کیون ہی یہ مرغ سحری کیا باعث

چال مین اوس گل رعنا سی مقابل کب ہی
کیون اکڑتا ہی تو ای کبک دری کیا باعث

یا خدا کس رخ روشن کی ہی الفت مجکو
آگ سی کیون مری دل مین ہی بھری کیا باعث

عاشقو نمین جو ہوا مین نظری کیا باعث
آہ دل کرتی ہی کیون بی اثری کیا باعث

کونسی بحر ملاحت کی ہی الفت عاشق
کیون رہا کرتی ہی آنکھون مین تری یاد عبث

خوش قدون پر ہوا مائل دل ناشاد عبث
نالی اب کرتا ہی جا کر تہہ شمشاد عبث

یاد گیسو ہی تجھی ای دل ناشاد عبث
آگی اس پیچ مین کیون ہوتا ہی برباد عبث

بال کھلا کی نہ مجھے کرتے ہین برباد عبث
اپنا دیوانہ بنلاتے ہین پریزاد عبث

تیغ ابرو کا اشارہ ہی فقط کافی ہے
قتل کرتا ہی نہ مجھے او ستم ایجاد عبث

دن خزان کی ہین نہ باقی کوئی غنچہ نہ گل
اندنون مجکو رہا کرتا ہی صیاد عبث

نظر آئی جو وہ صورت تو غش آجائیگا
اوسکی تصویر کی ہی فکر مین بہزاد عبث

ہے نہ خوف خدا و بت ظالم تجکو
بیگناہون پہ نکر اتنی بھی بیداد عبث

مین وہ بلبل ہون کہ ہون لوح کیطرح گلمین نہان
باغ مین ڈھونڈھ رہا ہی نہ مجھے صیاد عبث

قامت یار سے ہمسر نہ کبھی ہوویگا
صحن گلشن مین اکڑتا ہی یہ شمشاد عبث

میری تقدیر مین تھا کنج قفس کا مرنا
ہاتھ افسوس سے اب ملتا ہی صیاد عبث

محل غیرون کا جہان ہو نہین وہ ہنگام میرا
اپنی صحبت مین وہ کرتے ہین مجھی یاد عبث

سختیان ہجر کی کچھ دن تو اوٹھائی ہوتین
جان شیرین کو تلف کر گیا فرہاد عبث

عشق مین انکا بھی انجام یہی ہوتا ہے
دل رقیبونکی ہین منسے میری شاد عبث

مین تو دیوانہ ہون اوس زلف دوتا کا عاشق
بیڑیان لاتے ہین میری لیئی حداد عبث

ردیف جیم معجمہ

پیچ کھیو گیسوی کا یہ ہی انتظار آج
کیون مضطرب ہی تنین تو ایجان زار آج

محو خرام ہی سر تربت جو یار آج
پونہچا ہی آسمان پہ ہمارا غبار آج

مصروف سیر باغ ہی وہ گلعذار آج
رنگینیاں دکھاتی ہی فصل بہار آج

تلوار کھینچے آتا ہے وہ شہسوار آج
رکھہ لیجو آبرو میرے پروردگار آج

آنے لگا بہر سیر ہیرا گلعذار آج
کہدے کوئی گلوں سے کہ دیکھو بہار آج

رخسار پر لٹک کے وہ زلف سیاہ فام
دکھلا رہی ہی گردش لیل و نہار آج

آیا ہی بہر فاتحہ وہ ماہ چاردہ
برج شرف بنا ہی ہمارا مزار آج

ہٹ پانہ دمبدم کہیں پہر جا گلے پہ جلد
ہمسے رکہائیاں نہ کر ای تیغ یار آج

بیٹھا نہیں وہ شوخ جو پہلوی غیر مین
اوٹھتا ہی دل مین درد یہ کیوں بار بار آج

کیا پوچھتے ہو حال تم اپنے مریض کا
بستر پہ کل ہی سی سوا بیقرار آج

باقی رہی دلا نہ کوئی آرزو میرے
اوس گلبدن سی خوب ہو بوس و کنار آج

رخ صاف صاف کسکا مجھے آگیا ہی یاد
حیران ہو رہی ہین جو صبح سی آئینہ دار آج

جاگی ہو تم کہیں نہ کہیں جا کے رات بہر
بیوجہ نیند کا یہ نہیں ہے خمار آج

کیا بیکلی ہوئی ہے میر جان زار کو
اوس گلبدن نے پہنی جو پہولونکی ہار آج

عاشق ہماری دیدہ گریان کو دیکھہ کر
کیا جہوم جہوم برسا ہی ابر بہار آج

پہلو مین ہی کسکے وہ بت پردہ نشین آج
کل بگڑی ہی کچھ دل میری قابو مین نہین آج

پیدا نہیں تجہسا کوئی دنیا مین حسین آج
ہی مملکت حسن تیری زیر نگین آج

ویران ہین محلے نہ مکان ہین نہ مکین آج
جو اوج پہ کل تک تہی وہ ہین زیر زمین آج

مصروف جو ہی رقص مین وہ زہرہ جبین آج
گردون پہ قدم دہرتی ہی اس گہر کی زمین آج

افشان جو چنی ہی تو عجب وضع ہی رخ پر
مہتاب سی تارو نمین چمکتی ہی جبین آج

ہم اک نظر لطف پہ بکتی ہین پہ افسوس
خواہان کوئی یہان جنس محبت کا نہین آج

عاشق کو بہلا دیتی ہو اللہ ری تلون
کل تہین جو محبت کی نگاہین وہ نہین آج

ٹپکا ہی یہ کس کسکا لہو تیغ سی قاتل
ہی غیرت گلشن تیری کوچی کی زمین آج

دلبر سے جب آغوش ہو خالی تو جیون کیا
مضطر ہون نکل جسم سے ایجان حزین آج

ہم پاؤن پہ سر رکہتے ہین اب نہ کے بجاؤ
آئی ہو تو آرام کرو شب کو یہین آج

عاشق کسی پہلو نہین بستر پہ جو آرام
کہو آی ہو کیا الم دل مضطر کو کہین آج

ردیف جیم فارسی

کیا کیا نہ عشق لف مین ہمنی اوٹہائی پیچ
حاصل ہوا نہ کچہ سر مو ہی سوای پیچ

جوڑا نہ اپنی بالونکا تو کہول اے پری
دہڑکا یہی مجہی کہ کمر پر نہ آی پیچ

زلفین سنوارتے ہین رقیب سیاہ رو
کسطرح رشک سے دل عاشق نہ کہائی پیچ

نفرت غضب کے یاد ہین ایجان جان تجہے
کرتا نہین ہی بات بہی اب تو سوای پیچ

اوس حور وش نے آنیکا وعدہ کیا ہی آج
پر دل دہڑک رہا ہی کہ کچہ پڑ نجای پیچ

دست رقیب مین ہون وہ گیسو خدا کی شان
ایدل تو دیکہہ جو کہ مقدر و کہائے پیچ

اٹہکہیلیون سی اپنی چلتے ہو تم مجکو خوف ہے
دیکہو کہین کمر پہ کوئی آنہ جائے پیچ

واعظ خدا کیواسطے رندون سے ورے
دستار پر تیری کہین کچہ پڑ نہ جای پیچ

آگی تو ایسی باتین نہ آتی تہین تجکو یار
حیران ہون نہین کہ یہ تجہی کسنی سکہای پیچ

جوڑی مین ہی تیری دل عاشق گندہا ہوا
ہر لحظہ کس طرح سی بہلا کہل نہ جای پیچ

عاشق اسیر گیسوی خمدار ہو گیا
دل پر اک اور پڑ گیا بیٹہی بٹہای پیچ

ردیف حای حطی

چھوڑی ہتو نکا عشق دل زار کسطرح
کیون ای مسیح جای یہ آزار کس طرح

جائی خیال ابروی خمدار کس طرح
نکلی ہمارے دلسی یہ تلوار کسطرح

آتا ہی میرے گھر مین وہ عیار کسطرح
کرتا ہی دیکہون وصل کا اقرار کسطرح

سنتا ہی وہ نہین کوی مرجایا جیسے
درد دل اوس سے کیجیے اظہار کسطرح

پیدا ہو جسکے دل مین مسیحا کا درد ہجر
جیتا رہے بتاؤ وہ بیمار کس طرح

بیتاب ہون کہ بند ہی کیون آج دلنشی در
مین پہاند جاؤن یار کی دیوار کسطرح

لی تو چلا ہون بیچنے دل کوی یار مین
ہوتا ہی دیکہیے وہ خریدار کسطرح

آزردہ بات بات مین ہو وی جو تندخو
دیگا بہلا وہ بوسۂ رخسار کس طرح

صیاد تو نی پر میرے کاٹی بہار مین
اب اوڑکے جائینگی سوی گلزار کسطرح

حیرت مین ہون مجہی بہی تبادیجی وہ پیچ
کرتے ہین آپ دل کو گرفتار کسطرح

باریک بین ہون ڈہونڈہ نکالونگا وصل مین
مجہسے چہپیگی ای کمر یار کس طرح

آنکہونمین دم ہی حسرت دیدار یار مین
مرتا ہون دیکہہ لون اوسی اکبار کسطرح

تو تو ہوا کی گہوڑے پہ ہر دم سوار ہی
دیکہون مین ای پری تیرا دیدار کسطرح

مین اپنی جان دونگا نہ مانوگی تم جو وصل
دیکہون تو آج کرتی ہو انکار کسطرح

حیران ہی دیکہہ کر تیری چشم سیاہ کو
جہپکائی آنکہہ نرگس بیمار کس طرح

بلبل ہی بند جب سے گئی دن بہار کے
کہولے خزان مین غنچۂ منقار کس طرح

کاری کوئی پڑا نہیں ابتک بدن پہ زخم
ای نازنین لگاتا ہی تلوار کس طرح

مشکل ہی اب تو ضبط کہ دل مین لگی ہی آگ
روکون بہلا مین آہ شرربار کس طرح

عاشق ہون کچہہ خطا نہین کی ہی جو چپ رہون
گالی سنون مین آپ کی ہر بار کس طرح

کیونکر خیال حسن کمر دل سی جائیگا
چہوٹیگی مجہسے عشق کی سرکار کسطرح

عاشق اسی طرح سے جو روئیگی ہجر مین

بتلاؤ تو نبھے گا دل زار کس طرح

بھولی مجھی وہ زلف پریشان کسی طرح
الجھا ہی پھر سے آفت ہجران کسی طرح

باہر ذقن سی ہو دل نالان کسی طرح
نکلے کنوئین سے یوسف کنعان کسیطرح

ہوگا نہ وصل یار کا سامان کسی طرح
ای دل نہ بچے گی اب میری جان کسی طرح

جائی خیال ناوک مژگان کسیطرح
نکلی ہماری دل سے یہ پیکان کسی طرح

اک شب ہوئی وہ آکی نہ مہمان کسیطرح
نکلا نہ اپنی دل سے یہ ارمان کسی طرح

جب تک نہ اک نظر ادہر دیکہو نگا وقت نزع
مشکل نہ ہوی گی میری آسان کسی طرح

اس دام مین پہنسے نہ کبہی پہر رہ جیتی جی
چھوڑی جو دل کو گیسوی پیچان کسی طرح

فصل بہار آئی کیا پہر جنون نی جوش
ثابت رہی گا اب نہ گریبان کسی طرح

صیاد ابتو رحم اسیر قفس پہ کر
دکہلا دی اسکو سیر گلستان کسی طرح

آئی دم وز وصل کہین دم لبون پہ ہے
ہو ختم ابتو ای شب ہجران کسی طرح

کر رحم میرے حال پہ اب ہون قریب مرگ
آ جلد پاس عیسی دوران کسی طرح

مشتاق زیر بام کہڑا ہون نہین دیر سے
دکہلا دی شکل ای مہ تابان کسی طرح

یاد خدا کبہی کبہی یاد بتان اسے
اک حال پر نہین دل انسان کسی طرح

پریونکا جمگھٹا رہ رہا قبر پر میرے
ہمسر ہوا نہ جس سے پرستان کسیطرح

جلتے کہان ہو اوبہ کہ تم آپ ہی ہین پیر
چھوڑونگا مین نہ گوشہ دامان کسیطرح

حیران ہون آئینہ سی نہ منہہ کو چھپاؤ تم
لو دیکہہ لو دیدہ پھر بہی میری حیران کسی طرح

پروانہ کی طرح ابہی جلجاون آگ مین
وہ شمع رو جو منہہ سے کری ہان کسی طرح

افسوس کشتگان سی بہی ہمکو ہوا نہ کچہہ
معلوم حال شہر خموشان کسی طرح

عاشق تیرا کلام بہی پائی کہین نمود
چھپ جائی ختم ہوکی یہ دیوان کسی طرح

ردیف خای معجمہ

دیکھی جو تیری زلف شکن در شکن کی شاخ — بل اپنا بھول جای غزال ختن کی شاخ

لکھون نہین وصف پھول سی رخسار کا تیرے — ہو زرد بجا خامہ اگر نسترن کی شاخ

آیا جو سیر باغ کو وہ گل تو جھک گئے — تسلیم کو ہر ایک نہالِ چمن کی شاخ

لکھنا محال ہی تیری آنکھونکی شوخیان — جب تک قلم نہو کسی وحشی ہرن کی شاخ

آیا ہی دھیان جب تیری نازک کلائی کا — رویا ہون تھام تھام کی مین یاسمین کی شاخ

اوس مین بھلا کہان ہی یہ جنبش یہ خم یہ حسن — ابرو کا نقص ہی جو مین باندھون ہرن کی شاخ

ٹھوڑی پہ رکھ کے کہتے ہین وہ گورا گورا ہاتھ — دیکھی نہو تو دیکھ لو سیب ذقن کی شاخ

شاید چمن مین یہ کسی بلبل کی قبر ہے — جس پر جھکی ہوی ہی نہال چمن کی شاخ

ابرو سی قتل کیون نکرو تم زمانے کو — ہی خوشنما کمان کی لیے بانکپن کی شاخ

جیسے کہ اونکو شوق ہوا سیر باغ کا — رکھتے ہین ہاتھ مین وہ گل یاسمین کی شاخ

عاشق یونہین رہینگے تر و تازہ عمر بھر
ہو گی نہ خشک اپنی نہال سخن کی شاخ

ردیف دال مہملہ

یہ جسکے ظلم سے کرتا ہی اک جہان فریاد — وہ دل ہی لیے جاتا ہی دستان فریاد

ابھی غش آی کرون گر مین نیمجان فریاد — مجھی تو آہ کی طاقت نہین کہان فریاد

عبث عبث نہین کرتا مین ناتوان فریاد — کبھی تو میری ہی سنلیگا آسمان فریاد

نہین ہی تاب لبن ای شوق وصل دل سی نکل — کرون فراق مین کب تک مین ناتوان فریاد

تیرے لی سیر نی برپا کیا ہی شہر مین حشر — ہر ایک گام پہ کرتی ہین بیڑیان فریاد

یہ انتظار مین ہم [illegible] — کہ ابتو کرتی ہین آنکھون کی پتلیان فریاد

جلا کیا صفت شمع داغ دل ایسا
نہ آئی پر کبھی بھول سی تا زبان فریاد

وہ کون دل ہی کہ جسمین نہین ہی عشق ترا
ضعیف روتی ہین کرتی ہین نوجوان فریاد

جلا رہی ہی جو ہاتھونکو برق حسن پری
بلائین لینی مین کرتی ہین انگلیان فریاد

جلا دیا انہین ایک شعلہ روکی فرقت نی
کرینگے بعد فنا اپنی استخوان فریاد

خیال زلف پریشان مین دل پریشان ہی
کمر کی یاد مین ہم کرتے ہین میان فریاد

ستم کرو کہ جفا کام ہی وفا سی مجھے
چھری سی کاٹون ابھی گر کرے زبان فریاد

خدا کیواسطے صیاد رحم کر ان پر
کہ ابتو کرتے ہین مرغان بوستان فریاد

بھلا بچیگا کیونکر وہ شوخ سنگین دل
اسی طرح سی کرے گی جو کشتیان فریاد

یہ کون غیرت یوسف بچھڑ گیا یارب
جرس کی طرح جو کرتا ہی کاروان فریاد

ملا دی خاک مین لاکھون ہی نوجوان تونی
تیری جفاؤن سی ای پیر آسمان فریاد

خموش ہی ادب عشق سی زبان ورنہ
زمین ہلی جو کرون زیر آسمان فریاد

جہان گئی وہ طرفدار یار کا نکلا
کسی نی داد ندی کی کہان کہان فریاد

چمن مین آگ لگا دیگی دیکھیو گلچین
کریگی جل کی جو بلبل شرر فشان فریاد

شمیم گل مین ہی پوشیدہ جسطرح عاشق
ہماری دل مین ہی اس تنگ سی نہان فریاد

روا ہین یہ جفائین خدا سی ڈر صیاد
نہ باندہ میری قتل پر کمر صیاد

یہ کیا ہی آج جو پوچھی میری خبر صیاد
اسیر کرکی لگاوٹ بس اب نہ کر صیاد

سناؤن گر تجھے درد دل و جگر صیاد
یقین ہی شام سے تو روی تا سحر صیاد

اسیر ابتو ہون جو چاہ ظلم کر صیاد
مگر کتر نہ ابھی میری بال و پر صیاد

بیان مین کس سے کرون حال کون سنتا ہے
کسی دکھاؤن مین بیتابی جگر صیاد

بشر کو چشم مروت ضرور لازم ہے
نہ بار بار دکھا قہر کی نظر صیاد

فراق صحبت گل کسطرح قبول کرون
اسیر کنج قفس ہون مین ابتو مدت سے
بہار جاتی ہی شاید خزان کی آمد ہے
بہت برا ہی ستانا کسی کا او ظالم
یقین ہی کانپ اوٹہی تو بہی سنکی میرا حال
قفس مین بند ہون مدت سے مین ای ظالم
رہا کریگا جو فصل بہار مین مجکو
سناؤن کسکو شب ایسیہے گل شنکے دل کسکا
وہ باغ دہر مین شوریدہ بخت بلبل ہون
کرون جو بحث مین اغونسی نہ باغ کہان
ہٹا ہی جب سے چمن کچہہ نہ پوچہہ حال میرا
چمن مین رہنے دے بلبل کے آشیانہ کو
نہ پسائیگی مجہے اکدن کشش محبت کے
بہلا دیا نے مجہے سب کچہہ تیری محبت نے
قصور کچہہ نہین گلچین کا خیر ہی تجکو
ہوگئی تب سے ہی شم آشنا کہ بلبل

کہان تلک سے لاون تیرا سا دل و جگر صیاد
کبہی میرا بہی گلستان مین تہا گذر صیاد
چمن سے گل ہین جو آمادۂ سفر صیاد
نہ ذبح کر مجہے للہ درگذر صیاد
بیان مین اپنی حقیقت کرون اگر صیاد
نہ پوچہہ مجہسے گلستان کی تو خبر صیاد
رہونگا مین تیرا ممنون عمر بہر صیاد
میری تو نالونکا جاتا رہا اثر صیاد
کہ اپنے سایہ سے کرتا ہون مین حذر صیاد
پہرا نہین میرا اٹہیے بہائی سر صیاد
کہ رخ ہی زرد دہن خشک چشم تر صیاد
اوجاڑنا نہین اچہا کسی کا گہر صیاد
مین ساتہہ ساتہہ ہون تا کے جاے جدہر صیاد
چمن نہ یاد ہی مجکو نہ اپنا گہر صیاد
نکالا تو ہی نے ملٹے بہائی شہر صیاد
ہزارون درد ہین اور اک ہی جگر صیاد

اسیر دام بلا کر کے مجکو ای عاشق
ہوا ہی آج خوشی دل مین کسقدر صیاد

دام مین لیگی کسی نے لف رسا میری بعد
کچہہ ہی عشق گل و بلبل نہ رہا میری بعد
غیر کو بوسہ رخ اوسنی دیا میری بعد

کون اب ہوئیگا محبوس بلا میری بعد
اور ہی ہوگئی گلشن کی ہوا میری بعد
وقف قرآن نئی صورت سی کیا میری بعد

دم الجھتا ہی اسی سوچ مین ہر دم مرگ
کون سلجھائیگا یہ زلف دوتا میری بعد

نہین ملنے کا تمہین چاہنے والا مجھسا
بھول جاؤ گی یہ سب ناز و ادا میری بعد

کس پہ غصے مین چڑھاوگی کمان ابرو کی
کون ہوگا ہدف تیر ادا میری بعد

روی شبنم میری ماتم مین وہین بلبل ہون
گل نے چاک اپنا گریبان کیا میری بعد

روز تربت پہ میری کرتی ہی نالے بلبل
کو بکو خاک اوڑاتی ہی صبا میری بعد

باندہ کر صف شب آدینہ پہ پریزادون نے
خوب ماتم میری تربت پہ کیا میری بعد

ابکی آئین جو عبادت کو تو اوس سے پوچھون
قبر پر بھی یونہین آوگی بھلا میری بعد

شیوہ عشق زبانی ہی سہی اوٹھ جائیگا
کوئی لینے کا نہین نام وفا میری بعد

سر کو ٹکراؤنگا مر کر بھی مین فرقت مین تیری
قبر سے آئیگی نالون کی صدا میری بعد

جیتی جی کی جو کسی سے نہ برائی مین نے
غم مین دشمن ہین جدا دوست جدا میری بعد

تھا جو مین تشنہ دیدار تو قاتل نے میری
فاتحہ بھی سر اپانی پہ دیا میرے بعد

یہ مثل سچ ہی کہ ہی خلق خدا مردہ پسند
یاد کرتا ہی وہ اب میری وفا میری بعد

فاتحہ پڑہ کی میری قبر کو ٹھکرا جانا
ہاتھ پاؤن نہین ملوگی جو حنا میری بعد

یہ محبت یہ میری چاہ یہ اخلاص یہ پیار
تجھکو یاد آئیگی ای مہر لقا میری بعد

کھول کر گیسوی شب گون وہ میری تربت پر
روئی اور سورۂ واللیل پڑھا میری بعد

روئی دل کھول کے وہ قبر پہ میری عاشق
ضبط کا اونکو جو یارا نہ رہا میری بعد

ہم کہے دیتی ہین اچھا نہین ہر بار گھمنڈ
اس قدر حسن دو روزہ پہ نکر یار گھمنڈ

ہی بجا حسن پہ گر ہی تجھی ای یار گھمنڈ
اپنی الفت پہ ہمین بھی ہی سزاوار گھمنڈ

منقلب ایسا زمانیکو تو کردی یارب
وہ تمنا کرین اور طالب دیدار گھمنڈ

ہمنے مانا کہ نہین تمسا حسین دنیا مین
پر جو اچھے ہین نہین اونکو سزاوار گھمنڈ

بعد چندی کی رہی گی نہ یہ صورت یہ شکل — دیکھ تب لیجے گا نکلجائیگا سب یار گھمنڈ

خط نکلنے سے صفائی ہوی بالکل زائل — اب ہی کس بات پہ ای آئینہ رخسار گھمنڈ

حسن پر اپنی یہ مغرور ہوا بیجا جہان — لایا یوسف سے حسین کو سر بازار گھمنڈ

آج اوس گل نے دکھائی ہین جو آنکھیں تجکو — مٹ گیا سب تیرا ای نرگس بیمار گھمنڈ

سخت حیران ہون عاشق مین کرون کیا تدبیر
اتنا کرتا ہی بہت وہ بت عیار گھمنڈ

تدبیر پر گھمنڈ نہ تقدیر پر گھمنڈ — گر ہی تو مجکو آہ کی تاثیر پر گھمنڈ

سینہ کیا فگار نہ پہونچا جگر تلک — ابرو کمان کو تہا میری اس تیر پر گھمنڈ

دیکھون تو کسطرح نہین ہوتا او نہین اثر — بیشک ہی مجکو نالہ شبگیر پر گھمنڈ

اقرار وصل خط مین لکھا ہی وہ آئین گے — ہی مجکو اپنی یار کی تحریر پر گھمنڈ

اوس مہروش کو دیکھ کے کھایا ہی داغ یہ — ایماہ تہا تجھے اسی تنویر پر گھمنڈ

سر مجھسے ناتوان کا نہ تن سی جدا ہوا — قاتل تھا بس تجھے اسی شمشیر پر گھمنڈ

اوس گل کے تب چھپے ابہی شاید نہین سنے — بلبل کو ہی جو خوبی تقریر پر گھمنڈ

بہتر جہان مین ایک سے ہی ایک ماہرو — کیجے بہت نہ چاند سی تصویر پر گھمنڈ

عاشق حسین یہ جتنے ہین اپنی غرض کی ہین
کیجو نہ صحبت بت بی پیر پر گھمنڈ

ردیف ذال معجمہ

سر پہ اوس شوخ نے ہیرے کا جو باندھا تعویذ — صاف جگنو کی طرح رات کو چمکا تعویذ

موتیون کا تیرے بالون مین جو لٹکا تعویذ — بنگیا رشک وہ عقد ثریا تعویذ

آفت جان ہی تیرا غیرت لیلی تعویذ — دل مین کہون مین جو ہاتھ آئی یہ پیارا تعویذ

اوس پری وش کی اگر ادنیٰ ہی نگہ کٹ ہے — درد سر ہونی لگا مرہم ہو باندہ التعویذ

کیا عجب میری محبت کی جو آئی اوسی لہر — مدتوں حب کی لکھی ہین لب پہ دی یا التعویذ

دل سے تسخیر کیا ہمنے پریزادونکو — سحر کیا نقش کسے کہتے ہین کیسا تعویذ

فاتحہ پڑہنے کو آتے ہین پریرو اکثر — نقش تسخیر ہے کیا میری لحد کا تعویذ

چاند سورج بھی لگا لو تو ہی زیبا صاحب — ہی جو موباف روپہلا تو سنہرا تعویذ

مہربان دوست اگر ہی تو ہی کیا غم عاشق
نہ چلے گا کبھی محبوب کوئی گنڈا التعویذ

ردیف رای مہملہ

بلبل فدا ہوی گل رخسار دیکھ کر — قمری تڑپ گئی قد دلدار دیکھ کر

تڑپا جو دل زہ ابروی خم دار دیکھ کر — تیوری چڑہائی یار نے تلوار دیکھ کر

رونی کا میرے چشم کو آزار ہو گیا — اوس رشک گل کی نرگس بیمار دیکھ کر

تشبیہ دی سکا نہ مین دندان یار سے — سلک گہر کو رکہدیا سو بار دیکھ کر

آیا عجب وہ اسے وہ مست شراب ناز — بیہوش ہو گئی اوسے ہوشیار دیکھ کر

تقصیر مجہسے کیا ہوئی صاحب جو آج تم — قبضہ پہ ہاتہ رکہتے ہو ہر بار دیکھ کر

یہ حال اب تو ہی تیری عاشق کا ای مسیح
دشمن بھی روتی ہین اوسی بیمار دیکھ کر

مر گیا ہون جو نثار قد دلجو ہو کر — سرو تربت پہ اگر تا ہی سمن بو ہو کر

دایم الحبس ہوے مائل گیسو ہو کر — واجب القتل ہوے عاشق ابرو ہو کر

خواب مین سانپ نظر آتے ہین جو بکہ اوٹہا ہون — کس بلا مین مین پہنسا عاشق گیسو ہو کر

ساغر چشم مین آنسو نہین اب تھم سکتے — جام آخر کو چھلک جاتا ہی مملو ہو کر

یاد آیا جو شب ہجر وہ بحر غم نے
حلق میں پانی اٹکنے لگا چہو ہو کر

ہجر جانان میں لہو تھوکنی کی نوبت ہے
ڈھیلے آنکھوں کی بہی جاتی ہین آنسو ہو کر

بعد مر نیکے بہی صیاد کا کھٹکا نگیا
روح بلبل کی گلستان مین چہپی بو ہو کر

نگہ و ابرو و مژگان نی تیری او ظالم
تین ٹکڑے کیا دل تیرسہ پہلو ہو کر

وصل کی شب مین تجہی ڈہونڈہ نکالونگا ضرور
کمر یار چہپی گی تو کہان مو ہو کر

کوئی صورت نہین بچنے کی نظر آتی ہی
ڈنک مارا ہی مجہی زلف نی بچہو ہو کر

فائدہ کیا تجہے آئین نظر آیا ای دل
بہہ گیا تو میری آنکھوں سے جو آنسو ہو کر

اس توقع مین کہ شاید وہ پری صید آئین
پہرتی ہی روح میری دشت مین آہو ہو کر

چشم پر آب مین اوس قد کا تصور جو بندہا
لطف دکہلانی لگا سرو لب جو ہو کر

واہ کیا شکل عطا کی ہی خدا نی ای بت
پوجین کیونکر نہ مسلمان تجہی ہندو ہو کر

ہم نہ کہتے تھے کہ اس کوچہ مین آفت ہی دلا
خوش ہوا عاشق گیسوی صنم تو ہو کر

ہم جو انکو نہین خوف برائی سی تیرے
کیا کریگا فلک پیر عدو تو ہو کر

اوسکی تصویر سے اکثر یہی کرتا ہون سوال
سچ بتا جیسی نازان ہی تو خوشرو ہو کر

تو وہ لیلی ہی تیری دید کو مجنون کیطرح
روح پہرتی ہی میری نجد مین آہو ہو کر

شب تاریک مین وہ مہ جو مجہی یاد آیا
داغ دل صاف چمکنے لگا جگنو ہو کر

آکی تربت پہ میری خوب وہ روی عاشق
رنج سابق جو تہی سب بہ گئی آنسو ہو کر

جوش وحشت مین گئی سوی بیابان اکثر
پہاڑ ڈالے انہین ہاتھون نی گریبان اکثر

رشک دریا ہوئی یہ دیدۂ گریان اکثر
انہین چشمون نی دکہائی مجہی طوفان اکثر

تو وہ ہی بادشہ حسن کہ در پر تیرے
ہو گئی آکی گدا سیکڑون سلطان اکثر

بہر گلگشت چمن جب وہ گیا گلشن مین
پئی تعظیم جہکے سرو گلستان اکثر

دست رنگین کی تصور مین جو خون روتا ہون
سرخ رہتا ہی میرا گوشہ دامان اکثر

آپ کے روی منور سے مقابل ہو کر
گھٹ گیا شرم سے حسن مہ تابان اکثر

ہی یقین اسکی محبت مین نہ جان بر ہونگا
ہوتے کے مجھکو نظر آتے ہین سامان اکثر

خاک ہو جائیگا جل جل کے غم فرقت سے
گرم آہین جو بھریگا دل سوزان اکثر

مدحت زلف پریشان نہ کبھی ختم ہوئے
جمع لکھہ لکھہ کے کیے سیکڑون دیوان اکثر

یہ پتا کوچہ سفاک کا ہی ای قاصد
نظر آتا ہی وہان گنج شہیدان اکثر

کردیا باغ کو برباد اری او صیاد
ذبح جن جن کی کیے مرغ خوش الحان اکثر

جہسا دنیا کی مرقع مین نہین کوی حسین
یون تو آئی ہین نظر نور کے انسان اکثر

خیر گر آپنے کی ترک محبت تو کیا
ہمکو معشوق بہت آپ کو خواہان اکثر

بارہا او ترے یہان تخت پریزادونکے
بنگئی بزم میری بزم سلیمان اکثر

سانپ سے لوٹ گئے سینہ پہ پیری شب ہجر
یاد آئی جو تیری گیسوی پیچان اکثر

باغ عالم کی ہواؤنسے دل افسردہ نہو
یون ہی ہو جاتی ہی یہ گردش دوران اکثر

ہم فقط شومی طالع سے ہین قاصر عاشق
لوگ امسال گئے سوی خراسان اکثر

عاشق ہوا ہون حلقہ زلف سیاہ پر
زنجیر میری پاون مین ہی اس گناہ پر

تاثیر کا یقین ہی مجھی اپنے آہ پر
آتا چلا ہی کچھہ تو وہ گمراہ راہ پر

وہ شاہ حسن جیسی سمایا ہی آنکھہ مین
عاشق ہوا ہون آپ مین اپنی نگاہ پر

سبقت ذقن کی بوسی مین مجھکو ضرور ہے
پیاسا ہی پانی پینے کو جاتا ہی چاہ پر

مرتا ہی اوسکی عشق مین جو بت ہی بیوفا
پتہر پڑین میری دل نادانکی چاہ پر

کس طرح حسن یار کا جلوہ نظر پڑے
گرتی ہی برق راہ مین تار نگاہ پر

توبہ کرد غصہ سے ڈرو خوف حق کرو
ہنسنا نہ چاہیے میری حال تباہ پر

ہر گشتہ اوسکی ابرو مژگان ہین دیکھی
یہ تیغ و تیر چلتے ہین کس بیگناہ پر

ای ترک چشم شوق سی تو صید کر اسے
یہ مرغ دل نثار ہی تیر نگاہ پر

توصیف لب سنی ہی تو بوسی ہی دیجیے
خالی نہ ٹالیے مجھے اس اہ واہ پر

بندہ نواز ہی جو تیری ذات ای کریم
ہمکو بہی انفعال ہی اپنے گناہ پر

آیا ہی کیا ہی جہوم کے میخانہ کیطرف
ساقی ذرا نگاہ کر ابر سیاہ پر

وہ سبز رنگ آتا ہی عاشق جو مجکو یاد
کرتا ہون اوللہ کے شکر کے سجدی گیاہ پر

فدا ہوتا ہی اپنا مرغ دل اوس صید افگن پر
بھڑک جاتی ہین بوقت مرگ بسمل جسکی چتون پر

خوشی ہی قتل کے سر چہوٹ جائیگا اگر تن پر
سدا یہ بوجہ ای قاتل رہیگا تیری گردن پر

دل بیتاب مانند کتان ٹکری ہی سینے مین
نظر جسپے پڑی اوس مہ لقا کی روی روشن پر

مین وہ اہل وفا ہون تا قیامت پہر نہ چہوٹیگا
لہو اوڑکر پڑیگا گر مرا قاتل کی دامن پر

خدا نی ایک سے یہان ایک کو رنگین کیا پیدا
گلو نازان ہونا چاہیے دودن کی جوبن پر

ہمیشہ سوختہ ہی قسمت مین گلچین مین وہ بلبل ہون
تعجب کیا ہی گر بجلی گرے شاخ نشیمن پر

خدا کی سامنے ای بت تیرا کیا رنگ ہو دیکہین
ہزارون عاشقون کی خون ہین ظالم تیری گردن پر

شکار اپنا جو اکثر نیم بسمل چہوڑ جاتا ہی
مرا دل اگیا ہی مدتون اوس صید افگن پر

قفس مین دیکہ کر بلبل تجہی نالی کرتا ہی
چہکنا یاد آتا ہی تیرا دیوار گلشن پر

اوڑا ہی جب چمک کر اوس سمند کی سم تو یہ مین
ہلال عید کا دہوکا ہوا ہی نعل توسن پر

لگائی ہین مجھے یہ کونسی گلرو نی تلوارین
کہ عالم آج ہی لالی کی تختی کا میری تن پر

لیے جاتا ہو ہمین ارمان ہزارون باغ عالم سے
پس مردن مجھی حسرت رہیگی مدفن پر

خیال یار مین آنکہو نسی ہر دم مہ برستا ہی
جہری شکلو نکی میری طعنہ زن ہتی ہی ساون پر

بدن کچھ اندنون گدرا گیا ہی سینہ اوبہرا ہے
جوانی یار کی نام خدا ہی کیا ہی جوبن پر

کوئی بلبل اگر صیاد کی پھندے مین آئی ہی
اُداسی بی سبب چھائی نہین ہی آج گلشن پر

عداوت سے حسد سے ہم نہین واقف زمانہ مین
ہمیشہ دوستداری کی نظر ہی روی دشمن پر

مقرر فاتحہ کو آئیگا وہ شعلہ رو عاشق
نہین بیوجہ بجھنا شمع کا آج اپنی مدفن پر

جو دیکھ لے تیری گلرنگ پیرہن کی بہار
تو خار خار ہو بلبل کو پھر چمن کی بہار

ہمیشہ رنگ مضامین سی ہی سخن کی بہار
خزان سی ہتی ہی محفوظ اس چمن کی بہار

قفس مین خون کیا اپنا تڑپ کے بلبل نے
مگر دکھائی نہ صیاد نی چمن کی بہار

ہر ایک بات مین بس منہ سی پھول جھڑتی ہین
جو رمز دان ہو وہ دیکھی تیری سخن کی بہار

ضرور اپنا خزان سی مین ابکی پوچھونگا
بتادی مجکو تو ہی کونسی چمن کی بہار

تباہ پھرتا ہون برسو سے دشت غربت مین
خدا دکھای مجھی پھر میری وطن کی بہار

چمن بنائی ہین خاک شفا سی لکھ لکھ کر
لحد مین دیکھین گی حورین سبز کفن کی بہار

تم اپنی رخ پہ بہی بکھرا کی دیکھو زلفون کو
سحر دکھاتی ہی خورشید کی کرن کی بہار

گیا جو حسن جوانی تو بس خزان آئی
کہان ضعیفی مین وہ آدمی کی تن کی بہار

تمہاری حسن کی مشتاق رو رہی ہین بہو
نکل کی دیکھو تو خلوت سے انجمن کی بہار

چمک مین عقد ثریا سی ہی دو بالا مین
دکھا دو سات ستارونکو نور تن کی بہار

عروس قبر سے کیا لپٹ کی سوئی سوسن
ضرور لوٹین گی اک روز اس دلہن کی بہار

اڑاؤن خاک نکیون باغ دہر مین عاشق
خزان ہوئی گل گلزار پنجتن کی بہار

خواہش جام آفتاب نہ چھوڑ
چھوڑ سب کچھ دلا شراب نچھوڑ

گر دزہ بن کی ساتھ ہوا ہی دل
اب تو اوس ترک کی رکاب نچھوڑ

دیکھ پچھتائیگا دل نادان
اپنا معشوق لاجواب نچھوڑ

خوب پہسے ذقن کی لی ادل — تام گواس کنوئین مین آب بچھوڑ
ساقیا وصم بدم پلاے جا — ہاتھہ سے شیشۂ شراب بچھوڑ
آپ پہنسے اپنو تیرے دام مین ہم — خیر ای زلف پیچ وتاب بچھوڑ
آئی پیری تو موت سے جینا — ہمکو بی لطف ای شباب بچھوڑ
حال دل سنکے مجھسے بولے وہ — نقری ای خانمان خراب بچھوڑ

گرہی طالب نجات کا عاشق
دامن ابن بو تراب بچھوڑ

ردیف زای معجمہ

دیکہین ساحر تو دکھائی ہی جادو آواز — بول اوسکے صناعت جو تصویر دی اوآ
آفت جان ہی تیری اوبت مہ رو آواز — چین لینی نہین دیتی کسے پہلو آواز
خواب مین مجکو سنائی جو کبھی تو آواز — ہی یقین دل تجہے دی چیر کے پہلو آواز
کو لنسے سرو کا ہی انکو تجسس یارب — قمریان دیتی ہین کہہ کہہ کے جو کو کو آواز
کون ہی ہیرے سوا شیفتہ سرو چمن — فاختہ دیتی ہی ہر دم یہ لب جو آواز
سانس بہی لی نہین سکتا کبھی مارا اسکا — دی بہلا کسکو تیر اکشۂ ابرو آواز
شیر تہراتے ہین جنگل مین میرے نالو لسنے — کوسون اوڑ جاتی ہین جب سنتی ہین آہو آواز
سرمہ کہایا ہے جو کرتی ہی شار ولسنی سخن — دی نہین سکتی تیری نرگس جادو آواز
رقص مین ہم تیرا دل پسین گی ہند یکی طرح — مجہکو دیتی ہین یہ ہیہم تیری گہنگرو آواز
بہول جائین ابہی لغمہ نکو یہ سب گلشن مین — عندلیبونکو سنائی جو وہ گلرو آواز
روز داری مین خلل ہو تیری دیوانیکی — شہر مین جائی جو زنجیر کی ہر سو آواز

عالم شرع مین یہی نہ سنی ای عاشق

دی مہت اوسنے ہلاکر سرابازو آواز

دل ہجر مین جلتا ہی تڑپتا ہی جگر روز
ہر شب ہی نیا داغ نیا درد ہی ہر روز

سنتا ہون جو ابھی بت تیری آنیکی خبر روز
آنکھین نگران رہتی ہین یان جانب در روز

غیرونسے تمھین ربط ہی باتین نہ بناؤ
ہرکاری مجھے دیتی ہین ہردم کی خبر روز

دکھلادی کسی دن تو ہمین چاند سی صورت
کس گھر مین چھپا رہتا ہی ای رشک قمر روز

ہی وجہ یہ بیتابی جانان نہین ایدل
ہوتا ہی مقرر میری نالونکا اثر روز

منقار ہین لالا کی سدا بلبل غمگین
تربت پہ چڑہا جاتی ہی میری گل تر روز

کرتا ہون بیان اوسنے جو بیتابی دل کو
کہتے ہین بلاسے میری جی کر وکہ مر روز

کچھ رنگ تو بگڑا ہی یہ ہوتا نہین ظاہر
بن بنکے وہ چھپ چھپ کے وہ جاتے ہین کدہر روز

کیا شوق شہادت ہی میرے دل مین کہ پہلسے
قاتل کیطرف جاتا ہون خود سینہ سپر روز

بلبل کو رہائی نہ ملی موسم گل مین
کھولی بہی ہین باندھے بہی ہین صیادنی پر روز

جپتا ہون ترے نام کو ہر وقت مین ای بت
رہتا ہی یہی ورد مجہی آٹھ پہر روز

ارمان مرے رہجاتی ہین سب دلمین شب وصل
ہی وقت جو بولا اوٹھتا ہی یہ مرغ سحر روز

جانا تو نہین صحبت جانانمین میسر
حسرت زدہ ہون دور سی لڑتی ہی نظر روز

کب تک ہی یہ ہستی سی کرین کوچ عدم کو
طیار رہا کرتا ہی سامان سفر روز

فرقت مین جو روتا ہون تو ای اشکونکی ہمراہ
آنکھونسی نکلتے ہین میری لخت جگر روز

تب بہی دل غمدیدہ کو تسکین نہین ای یار
آؤن مین ترے کوچے مین سو بار اگر روز

گھڑیالی کو بہی ضد ہی مرے ساتھ شب وصل
کچھ رات سے کم بخت بجاتا ہی گجر روز

تسکین نہین ہوتی کسی صورت مجھے عاشق
جبتک کہ اوسی دیکھہ نلون ایک نظر روز

ردیف سین مہملہ

کب ہی یہ خال سیہ ابروی خمدار کی پاس
کچہہ فقط خال ہی زیبا نہیں رخسار کی پاس
شہر سے کچہہ ہمین مطلب ہی نہ صحرا سی غرض
اس طرح تو نہ ہو ہر ایک یہ مائل ای دل
دم ہی نکلی تو اسی طرح تیری جالنسی ور
یار سی دور رہون مشکل نہو کیونکر مجہی رہنت
مدتین گذری ہین صیاد اسیری کو میری
جل رہا ہون ہمہ تن کون خبر لی میری

کسی سودائی نی دل رکہدیا تلوار کی پاس
خوش نما ناف ہی کتنی کمر یار کی پاس
اپنا البتر تو ہی مدت سی در یار کی پاس
قدر رہتی نہین جو شی گئی دو چار کی پاس
ہاتہ گردن مین نہ منہہ ہو تیری رخسار کی پاس
موت ہی جبکہ مسیحا نہو بیمار کی پاس
اب تو لیچل اری ظالم مجہی گلزار کی پاس
لوگ آتی نہین اسوقت مین بیمار کی پاس

داورس کوئی نہین انکی سوای عاشق
التجا لیکی چلو حیدر کرار کے پاس

پہرا ہی دل تیرا ای غیرت قمر افسوس
کیا جہان مین دلا ہمنی عمر بہر افسوس
یہی رہا مجہی ہر شام و ہر سحر افسوس
بتہ نکی دلکو بہلا کسطرح مین بہلاؤن
قفس ہی تب ہین تو نی رہا کیا صیاد
گلہ رہا یہی کہ شک ماہ تجہسی ہمین
وہ ناتوان ہون ہوئی نفس جب یہی بیت
خزان نی خشک کیا موسم بہاری مین
ملی گا جانے والا نہ دوسرا ایسا
بتا تو ہاتہ تیری آیا کیا اری صیاد
جواب خط جو نہ لایا تو یہ کہلا ہم پر

نہین وہ ہمدم محبت کی اب نظر افسوس
ملی دیار عدم کی نکچہہ خبر افسوس
نہ ہاتہ آئی میری یار کی کمر افسوس
رہا نہ آہ مین مطلق میری اثر افسوس
رہی نہ قابل پرواز جب کی پر افسوس
کبہی وہ رکو نہ کی مہر کی نظر افسوس
کیا لحد نی میری لاش دیکہہ کر افسوس
ریاض عشق کا پایا نہ کچہہ ثمر افسوس
کرینگے آپ ہمین کہو کی عمر بہر افسوس
کتر کے پہینکی جو بلبل کے تو نی پر افسوس
کہ ذبح ہو گیا وہان مرغ نامہ بر افسوس

لہو ٹپکنے لگا جای اشک آنکھوں سے
فراق یار مین رویا مین اسقدر افسوس

میری تو جان کا دشمن ہی سبب ہجران یار
کسی کہاؤن مین بیتابی جگر افسوس

خدا کیواسطے اب تو میرا کہا مانو
گذر گیی یونہین شب ہو گئی سحر افسوس

فراق یار مین سو کی گئی نہ بارش اشک
ڈبو دیا میری آنکھوں نی سر اگہر افسوس

گہر اپنا چہوڑ دیا جس بت کی الفت مین
اوسی نی ہمکو پہرایا ہی در بدر افسوس

امید تہی نہ مجہی بعد مرگ ای عاشق
کیا ہی اوس گل رعنا نی جسقدر افسوس

کرتا ہی عبث فکر سراغ پر طاؤس
پائیگا کہان کبک یہ باغ پر طاؤس

گل ہنسی تیری پاؤں کی چہلی کی یہ کہتا ہے
تا ہتوں یہ گمان ہی کہ ہی باغ پر طاؤس

جی چاہتا ہی سینہ پہ گل کہای یہانتک
شرمائیں جنہیں دیکہکے داغ پر طاؤس

اک صبح گلستا مین گئی تہی وہ پری سر
ملتا نہین اوس دن سی وہ باغ پر طاؤس

مشکل ہی کہ داغ جگر اس طرح ہو ظاہر
جس طرح عیان صاف ہین داغ پر طاؤس

کچہ دور نہین باد بہاری کی اثر سے
بن جائیں جو گل باغ مین داغ پہ طاؤس

سینہ پہ میری اوسنی گل داغ جو دیکہی
بولا کہ یہ ہین غیرت باغ پر طاؤس

مضمون خیالی سے کے بہت دام بچہائی
پر مجہسی نہ باندہا گیا زاغ پر طاؤس

گو لاکہ جلای وہ میری قبر پہ عاشق
ممکن نہین روشن ہو چراغ پر طاؤس

ردیف شین معجمہ

جستجو دشت مین کی شہر مین کی اکثر تلاش
ماہ رو تجہسا نہ پایا ہمنی در در کی تلاش

تشنہ دیدار ایسا ہون تیرا ای بحر حسن
جسطرح ماہی کو ہوئی حوض کوثر کی تلاش

دیکھیں کب تک صبا لائی شمیم زلف یار — ایک مدت سے ہی مجکو بوی عنبر کی تلاش

دیکھہ پائی گر چمن مین قامت جانانکا حسن — صوت قمری ہو بلبل کو صنوبر کی تلاش

اسطرح اوسکے لب شیرینکی ہم مشتاق ہین — جسطرح مور و مگس کو ہوی شکر کی تلاش

بی مشقت کب ملے بوسہ لب جان بخش کا — چشمہ حیوانکو دیکھو اور سکندر کی تلاش

اسطرح دل ڈہونڈہتا ہی آتشین رخسار کو — مرغ آتش خوار کو ہو جیسے اخگر کی تلاش

کان چہدوائے ہین اوس کان ملاحت نے جو اب — بالیونکے واسطے ہی سلک گوہر کی تلاش

بی نشان رہنا ہی بہتر تھا میرا زیر زمین — کیون عبث میری لیی کی سنگ مرمر کی تلاش

دیکھیں کبتک امام دین کرین عاشق ظہور — ایک مدت سے ہی مجکو اپنی رہبر کی تلاش

رات بھر ہجر مین خاموش ہی مین تھہر ہوش — کر دیا کسنے تجھے ای دل مضطر خاموش

نقش دیوار کیا ہی تیری وعدہ نی مجھی — روز بیٹھا ہوا تکتا ہون سوی در خاموش

زہر افعی کا اثر اسکی ہی بوی پایا — ہو گیا سونگہ کے مین زلف معنبر خاموش

درد دل کچھہ ادب عشق نی کہنی ندیا — شکل دیکھا کیے اوسکی تہہ خنجر خاموش

می کا ساغر لیے رندونکی طرف جا ساقی — صف کی صف دیکھہ وہ بیٹھی ہی برابر خاموش

دیکھہ پائے اگر آئینہ رخسار ترا — ایسی حیرت ہو کہ ہو جائے سکندر خاموش

جب لگی ہے مجھی اک سرو روانکی غم مین — بیٹھہ کر روتا ہون مین زیر صنوبر خاموش

وصل کا ذکر سنا ہی نہ کچھہ بولے وہ — دیکھی صورت میری اور رہ گئی ہنسکر خاموش

لب پہ انگشت وہ رکھتا ہی جو کرتا ہون فغان — دل کا یہ حال کہ رہتا نہین دم بھر خاموش

بات عاشق کی نہین پوچھتی خوبان جہان — بلبل زار تو نالان ہی گل تر خاموش

بجھہ گیا دل کا کنول یون میری سرد آہونسے — جسطرح شمع کو کر دیتی ہی صرصر خاموش

قدر چپ رہنے سے ہی بحر جہان مین عاشق

آبرو تر بنتی ہی رہتا ہی جو گوہر خاموش

ردیف صاد مہملہ

ہو کیون نہ مجھے ابروی خمدار سے اخلاص
ہر مرد دلاور کو ہی تلوار سے اخلاص

اے دل ہی برا گیسوی خمدار سے اخلاص
غافل کوئی کرتا ہی بھلا مار سے اخلاص

ہستی ہی مگر قصد ہی اب ملک عدم کا
اے دل جو کیا ہی کمر یار سے اخلاص

عاشق کی محبت سے ہی اوس بت کو کنارہ
ہی نام خدا آج کل اغیار سے اخلاص

اے دل نہین کچھہ پہ زیست کا دنیا مین اثر
پیدا نہ کیا کر کسی دلدار سے اخلاص

آئینہ ہی مطلب ہے نہ کچھہ گل ہی غرض ہے
کہتی ہین فقط اہم تیری رخسار سے اخلاص

خط دیکھہ کے ایجان جہان رخ پہ تمہاری
معلوم ہوا گل کو بھی ہی خار سے اخلاص

حیران مجھی دیکھہ کے کہتی ہی خلقت
اسکو ہی کسی آئینہ رخسار سے اخلاص

کچھہ نہ غدغہ روز قیامت نہین واللہ
عاشق ہی تجھی حیدر کرار سے اخلاص

حسن ہر شی کا ہی پیش رخ جانان ناقص
زرد ہی مہر درخشان مہ تابان ناقص

دست رنگین کو تیری تجھی کس نسبت
شاخ گل ہی نظری پنجۂ مرجان ناقص

آب و ہمین ہی نہ ایسی نہ صفائی ایسی
سلک گوہر ہی حضور در دندان ناقص

ابروی یار کی جوہر ہین پئی عیان
گر نہ آب تو ہی خنجر بران ناقص

کیا سمجھہ کر تیری چہرہ کو ہین دیوان سی مثال
رخ تیرا حسن مین کامل مہ تابان ناقص

قد موزون تو ہی پر ناز کی رفتار کہان
او سہی قد ہی ہر اک سرو گلستان ناقص

روی روشن کو تیری چاند سی کیا دون تشبیہ
بات کہتی ہین کہین کوئی سخندان ناقص

پنجتن کی نہین جس دل کو محبت عاشق

اپنی مذہب مین ہی وہ شخص کا ایمان ناقص

ردیف ضاد معجمہ

تعذیر ہی ہی میری تقصیر کے عوض
پھانسی ہو زلف طوق گلوگیر کی عوض

مژگان ہین مرغ دل کی لیے تیر کی عوض
ابرو ہین قتل کرنیکو شمشیر کی عوض

مانی سی روی یار کا نقشہ نہ کھنچ سکا
تصویر آپ ہوگیا تصویر کے عوض

کھاتا ہون رنج جای غذا ہجر یار مین
پیتا ہون خون دل قدح شیر کی عوض

آخر ہی بات وصل کی اب تا کجا کلام
بوسہ ہی اور دو کوی تقریر کے عوض

سرکار عشق سی نہین حاصل سوای رنج
ذلت نصیب ہوتی ہی توقیر کے عوض

مطلب ہے قتل سی تو یہ تکلیف کیا ضرور
ترچھی نگاہ کافی ہی شمشیر کے عوض

اس درجہ خم کیا تیری قد کو ضعف نے
الجھی ہین بال پاؤن مین زنجیر کے عوض

دیکھون تو کس طرح نہین ہوتا وصال یار
تقدیر آزماؤنگا تدبیر کے عوض

زر کی نہ مجھے ہوس نہین ای کیمیا گرو
یہان خاک کوی یار ہی اکسیر کے عوض

عاشق عجب طرح کی مصیبت ہی ان دنون
تعذیر روز ملتی ہی تقصیر کی عوض

تخت شاہی ہی نہ مطلب ہے نہ افسر سی غرض
ہم فقیرونکو ہی خاک کوی دلبر سی غرض

حور سی مطلب نہ ہمکو قصر گوہر سے غرض
ہی شراب الفت ساقی کو کوثر سے غرض

نگہت گل سی نہ بوی مشک و عنبر سی غرض
ہی فقط ہمکو شمیم زلف دلبر سی غرض

ہی فقط کافی ہمین تربت پہ تیری نقش پا
نہ شجر سی نہ کچھ پھولونکی چادر سی غرض

کشتی عمر روان رکنے سے رکتی ہی کہین
اسکو ساحل سی نہ مطلب ہی نہ لنگر سی غرض

ڈھونڈھتا ہی دل کو یون ادھر سے کاشانۂ یار نظر
جسطرح شاہین کو ہوتی ہی کبوتر سے غرض

پیاس مین اپنی بجہاؤنگا جو ہونا ہو سو ہو
مرتی دم ہی مجکو قاتل آب خنجر سے غرض

مرگئے ہین جو تیری خلخال کی آواز پر
ای پری انکو نہین کچھ شور محشر سی غرض

پڑا دہر دریا بہائین تو ادہر جاکر برس
تجکو کیا ای ابر تیری دیدۂ تر سی غرض

دل غنی ہی جبسے بستر ہی تیری در پر میرا
کام مفلس سے ہی مجکو نہ توانگر سی غرض

قامت جانان پہ از زون ہی عاشق دل مرا
صوت قمری ہی اب سرو صنوبر سی غرض

آج کل سنگ در جانان پہ ہی تکیہ میرا
مجکو عاشق اب نہین کچھ اپنی بستر سی غرض

ردیف طای مہملہ

عشق مین پہلی درد سر ہی شرط
داغ ہی بہر یا جگر سے ہی شرط

زندہ چہٹتا نہین اسیر اس کا
پیچ سے زلف کی حذر ہی شرط

ابہی دل تمکو مفت دیتے ہین
ہمیہ اک لطف کی نظر ہی شرط

تیری الفت مین ای پری جبس سے
داغ سودا اوٹھے وہ سر ہی شرط

چاند بہی جسکے آگے میلا ہو
ایسا معشوق سیمبر ہی شرط

کف پا سرخ ہوئین توڑ ونسے
ناچ مین لچکے وہ کمر ہی شرط

بھاگ جائیگا سامنی سی سحاب
بارش ابر چشم تر ہی شرط

یون پسیجیگا کوئی بت کیونکر
آہ عشاق مین اثر ہی شرط

عاشقی ان بتونکی سہل نہین
سنگ بنجای وہ جگر ہی شرط

گول ہوکات قد موزون پر
شجر حسن مین ثمر ہی شرط

کیا کہون تجہسے ہو نہین سکتا
صبر الفت مین جسقدر سے ہے شرط

خط کو سے لیگا وہ صرصر ورگیر
گذر مرغ نامہ بر سے ہی شرط

کوی دلدار ہین سے خیر بخبر
شرہیان بہر ہر بشر ہی شرط

منہ نہ دیکھون گا مین تیرا شب ہجر
تجھسے اور تجھسے ای سحر ہی شرط

نذر کرتا ہی دل ابہی عاشق
اک تیری مہر کی نظر ہی شرط

ردیف ظای معجمہ

ہمنے ابتک کسی عاشق کو نہ دیکھا محظوظ
صدمی لاکھون دی ایکدم نہی کہا محظوظ

قیس دیوانہ تو مغموم ہی لیلی محظوظ
خوب دل دیکے ہوا آپکا شیدا محظوظ

بام پر اپنی وہ یون جشن کیا کرتی ہین
چرخ چارم پہ ہین جسطرح مسیحا محظوظ

جم گیا رنگ دم صبح جو نغمون کا میرے
کیا گلستان مین ہوی بلبل شیدا محظوظ

اپنی پہندے سے کبہی تو نہ نکلنے دینا
ہم اسیری مین ہین ای لف چلیپا محظوظ

اوسکو ہشیار سمجھتی ہین ہم ای لف سیاہ
جسکو رکہتا ہی جہان نہین تیرا سودا محظوظ

کوچۂ عشق مین لاکھون ہی وہان ای ہمدم
ایکدن بہی نہوا یہ دل شیدا محظوظ

ایک ہی جلوۂ معشوقمین غش کہا کی گرے
ارنی کہکے ہوی حضرت موسی محظوظ

ای جنون ہی مجہی کس آہوی رعنا کا خیال
دلکو کرتی ہی جو کیفیت صحرا محظوظ

کہہ دیا جانکو بہی ایما نکو بہی الفت مین تیری
دل مین کچھ ابتو ہوا او بت ترسا محظوظ

خم میری منہہ سے لگا دی تو مزا ہی ساقی
کیا کریگا مجھے اک ساغر صہبا محظوظ

کبہی لپٹی کبہی بوسی دی مجھکو عاشق
وصل کی رات کیا یار نے کیا کیا محظوظ

جاؤ تم میرے جان خدا حافظ
صبح غم ہی عیان خدا حافظ

جان نثارون کا کوی قاتل ہین
آج سے امتحان خدا حافظ

دل نہ بچے گا نہ اب کسی صورت
اشک خون ہین روان خدا حافظ

ہے ہر روز کا جو گھلنا سے
ای دل ناتوان خدا حافظ

روک سکتا نہین نہ تجھے افسوس
خیر عمر روان خدا حافظ

ساتھ ہی دشمنون کا غربت مین
یوسف کاروان خدا حافظ

دام مین آکے بولی یہ بلبل
ای گل بوستان خدا حافظ

نہین معلوم اب ہمین صیاد
لیکے جاے کہان خدا حافظ

قبر مین رکھ کے میری میت کو
